Presented by: Rana Jabir Abbas

فُراتِ فکر

محسن نقوی

ماورا پبلشرز ۶۰۔ شاہراہِ قائداعظمؒ لاہور

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

باذوق لوگوں کے لیے
ھماری کتابیں
خوبصورت کتابیں
تزئین و اہتمام اشاعت
خالد شریف

ماورا

ضابطہ

بار اوّل : ۱۹۹۶ء
خوشنویس : عبدالمتین
مطبع : شرکت پرنٹنگ پریس لاہور
قیمت : -/۱۵۰ روپے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ترتیب

انتساب

۱ — ابتدائے سخن ، ۹
۲ — ورُود کا جھونکا ، ۱۳
۳ — قریۂ ادراک ، ۱۶
۴ — یہ سرزمینِ حرم ، ۲۲
۵ — بعد از خدا ، ۲۴
۶ — ہدیۂ نعت ، ۲۹
۷ — ارمغانِ نعت ، ۳۲
۸ — نعت ، ۳۴
۹ — نعت ، ۳۷
۱۰ — تمام حمد ہے ، ۳۹
۱۱ — ہم بھی خورشید و قمر رکھتے ہیں ، ۴۰
۱۲ — شمعِ شبستانِ رسالت ، ۴۲
۱۳ — دستِ کبریا ہے علیؑ ، ۴۹
۱۴ — زمینِ حرم پر ——— ورُودِ علیؑ ، ۵۲
۱۵ — ایوانِ فاطمہؑ ، ۶۷
۱۶ — تسلیم کہ دُنیا میں ...... ! ، ۷۰
۱۷ — ہے محیطِ حیات حُسنِ حسنؑ ، ۷۲
۱۸ — دوستو صاحبِ کردار بنو ، ۸۳
۱۹ — بصد رکوع و سجُود و قیام کہنا ہے ، ۸۵
۲۰ — صبرِ شبیرؑ کے سجدے سے ظفریاب ہوا ، ۸۷

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

۲۱ — آدم ساداتؑ ، ۹٦
۲۲ — کیا خاک وہ ڈریں گے لحد کے حساب سے ، ۱۰۱ (سلام مولا علیؑ)
۲۳ — صادقِ آلِ محمدؐ ، ۱۰۳
۲۴ — معراجِ قلم ، ۱۱۰
۲۵ — خمارِ صدق ، ۱۱۸
۲٦ — طلوعِ شمسِ امامت ، ۱۲۰
۲۷ — (دیکھنا رتبہ ہے کتنا محترم عباسؑ کا) ، ۱۲۹
۲۸ — کلیمِ طورِ وفا ، ۱۳۱
۲۹ — یوسفِ آلِ محمدؐ ، ۱۳٦
۳۰ — ملکۂ دشتِ وفا ، ۱۴۰
۳۱ — کربلا سے جو مری سمت ہوائیں آئیں ، ۱۴۴
۳۱ — پھر آیا ہے محرّم کا مہینہ ، ۱۴٦
۳۲ — مری آنکھوں میں جو اشکوں کی جھڑی ہے لوگو ، ۱۴۸
۳۳ — یاد زینبؑ کو جو عباس کے بازو آئے ، ۱۵۰
۳۴ — غمِ شبیرؑ اپنی زندگی ہے ، ۱۵۱
۳۵ — شبیر تیرا غم بھی عجب سلسبیل ہے ، ۱۵۳
۳٦ — کربلا میں خُلد کا جب در کھُلا ، ۱۵۴
۳۷ — سرمایۂ دیں دولتِ احساس ہے اصغرؑ ، ۱۵٦
۳۸ — دُکھتے ہوئے دلوں کی صدا ماتمِ حسینؑ ، ۱۵۷
۳۹ — ماتم کرو کہ عظمتِ انساں اُداس ہے ، ۱۵۹
۴۰ — بے ردا شہر کی گلیوں سے گذر زینبؑ کا ، ۱٦۱
۴۱ — حسینیت بھی عجب سلطنت ہے بے خبرو ، ۱٦۳
۴۲ — عقیلۂ بنی ہاشمؑ ، ۱٦۴
۴۳ — قطعات ، ۱٦۹
۴۴ — التماسِ دُعا ، ۱۸۹

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انتساب

حُسینؑ مُصحفِ ناطق، خطیبِ نوکِ سناں!
کہاں سے لفظ تراشوں، مَیں کیا کلام کروں؟
نظر پڑے ترے نقشِ قدم کی خاک جہاں
وہیں پہ نصب میں ادراک کے خیام کروں!
جو رزقِ نُطق عطا ہو ترے کرم سے مجھے
تو مَیں بھی از رُوئے جرأتِ "سلام" کروں!
نہ پُوچھ اپنی سخاوت کے ایک پل کا اثر!!
جو بن پڑے تو "زمانے" "اسیرِ دام" کروں!
ملے جو اذن تو دے کر تجھے خراجِ حیات
مَیں اپنی بخششِ پیہم کا اہتمام کروں؟
جہاں پناہ، تری نذر کر کے لفظ اپنے
خُمارِ اجر سے لبریز دل کا جام کروں!

قسیمِ کوثر و زم زم، غرُورِ تشنہ لبی!
"فُراتِ فکر" کی ہر موج تیرے نام کروں!!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ابتدائے سُخن

(حمد)

مَیں اُس کے نام سے کرتا ہُوں ابتدائے سخن!
"ضمیرِ کُن" سے اُگاتا ہے جو زمین و زمن

شعاعِ لوحِ خفی سے تراشتا ہے وجُود!
غُبارِ قافِ قلم سے اُجالتا ہے بدن!!

اُسی کے دستِ کرم سے جہاں میں بٹتا ہے
تمام صُبح کا سونا ـــــ تمام رات کا دھن

اُسی کے واسطے محشر، اَسیرِ اَمرِ ظہور!
اُسی کے حُکم سے دُنیا نمُو کی لَے میں مگن

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وُہی تو ہے جو ہَواؤں کو دے کے اِذنِ خِرام
سَمندروں کی جَبیں پر اُبھارتا ہے شِکن!!

اُسی کے لُطف و کَرَم سے کشیدۂ اَبرِ بہار
سجائے بطنِ صدف میں لبِ گُہر پہ کرن

اُسی کے حُسنِ سَخا سے حدِ نگاہ میں ہے
جہاں میں بہرِ غزالاں فضائے دشت و دَمن

زمیں پہ نصب کیے اُس نے پتّھروں کے خیام
یہ کوہسار، سمیٹیں جو آسماں کی پھبن

اُسی کے معجزۂ کُن کے نقش ہائے جمیل!
یہ مَرغزار یہ جھرنوں میں غُسل کرتے چمن

وُہی محیطِ قضا و قدر، وَرائے خیال!
وُہی ہے چارہ گرِ اضطرابِ رَنج و مِحن!

اُسی کی بخششِ پیہم کے گیت گاتے ہیں
وہ طائرانِ فلک بخت ہوں کہ زاغ و زغن

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اُسی کا ذِکر کریں اہلِ دِل کہ دُنیا میں
بڑھے لہُو کی روانی، مٹے دِلوں کی تھکن

وہ کردگارِ دو عالم، خبیرِ سِرِّ خفی!
رفیقِ دِل زدگاں کبریائے رمزِ کہُن

جو بندگی کو ہدایت کا نُور دیتا ہے
جو آگہی کو سکھاتا ہے مصطفٰےؐ کا چلن

وہ ربِّ نُطقِ دل و جاں وہ کبریا میرا
اُسی کے اِذن سے حاصل مجھے متاعِ سُخن

جُھکا مَیں سامنے اُس کے تو سُرخرو بھی ہُوا
نہ شرمسار ہے سجدہ نہ ہے جبیں پہ شکن

عجب سخی ہے کہ اُس سے سوال کر کے سَدا
نہ ہاتھ شَل ہوئے میرے نہ ہے زباں میں تھکن

شفاعتِ شہِؐ بطحا نصیب ہو تو مجھے
نہ مال و زر کی ہوس ہے نہ حرصِ لعلِ یمن

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اُسی کے حُسن پہ سوچا تو اپنی آنکھوں میں
تمام رنگ بکھرتے گئے چمن بہ چمن!

نویدِ خلد وہ بخشے کبھی بفیضِ رسولؐ
کبھی بنامِ علیؑ دے وہ مجھ کو رزقِ سُخن

یہ سانس صدقۂ زہرؑا میں دی اُسی نے مجھے
درِ بتولؑ کہ ہے لوحِ معرفت کا متن!

وہ دے گا دل کو ابھی اور نعمتیں محسنؔ
بنامِ عکسِ جمالِ رُخِ حُسینؑ و حَسنؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دُرود کا جھونکا!

سکوتِ حرف کو اذنِ بیان دیتا ہے!
وہ دشتِ فکر میں اب بھی اذان دیتا ہے

سیاہ شب کی ہتھیلی پہ کاڑھ کر جگنو
وہ رہروؤں کو سحر کا نشان دیتا ہے

کبھی جو مجھ سے اُلجھتا ہے دوپہر کا عذاب
وہ میرے سر پہ کرم اپنا تان دیتا ہے

وُہی تو ہے جو رُتوں کے شکار کرنے کو
گھٹا کے ہاتھ دھنک کی کمان دیتا ہے

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مری خطا کو ہے محشر میں جُستجو اُس کی !
جو لغزشوں کو ہمیشہ اَمان دیتا ہے

مَیں پر شکستہ سہی اُس کے شہر میں ہُوں جہاں
زمیں پہ بھی وُہ مجھے آسمان دیتا ہے !

اَزل سے دِل ہے اُسی مہرباں سخّی کا اسیر
جو حوصلوں کو اَبد تک اُڑان دیتا ہے !

مَیں حرف و صوت کی خیرات اُس سے مانگتا ہُوں
جو پتّھروں کو بھی رزقِ زبان دیتا ہے !!

کٹے جو ہجر تو کچھ اَجرِ انتظار ملے
کہ لمحہ لمحہ یہ دل امتحان دیتا ہے

سکوتِ شب میں اُبھرتے درود کا جھونکا
سماعتوں کو تِری داستان دیتا ہے !

مَیں بے بساط بشر تجھ پہ کیا نثار کروں
تِری اَدا پہ تو جبریل جان دیتا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شبِ سیاہ میں طوفاں ہو جب ستارہ شکار
وہ کشتیوں کو وہاں بادبان دیتا ہے!

کچھ اس لیے بھی مَیں اَب اُس پہ سوچتا ہوں بہت
مجھے یقین کی دولت، گُمان دیتا ہے!

مرا سخی مرے ہر شعر کے عِوض محسنؔ
مجھے بہشتِ بریں میں مکان دیتا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قریۂ اِدراک

الہام کی رِم جِھم کہیں بخشش کی گھٹا ہے
یہ دِل کا نگر ہے کہ مدینے کی فضا ہے

سانسوں میں مہکتی ہیں مُناجات کی کلیاں
کلیوں کے کٹوروں میں تِرا نام لکھا ہے!!

گلیوں میں اُترتی ہیں ملائک کی قطاریں
احساس کی بستی میں عجب جشن بپا ہے!!

ہے قریۂ اِدراک مُنوّر ترے دَم سے
ہر ساعتِ خوش بخت جہاں نغمہ سرا ہے

سُن لے گا مِرا ماجرا تُو بھی کہ اَزل سے
پیغام بَرِ دیدہ و دِل مَوجِ صَبا ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہیں نذر تری بارگہِ ناز میں افکار ۔ !
تو مرکزِ دلداریٔ اربابِ وفا ہے

اَب کون حدِ حُسنِ طلب سوچ سکے گا ؟
کونَین کی وُسعت تو تہِ دَستِ دُعا ہے

ہے تیری کسک میں بھی دَھمک حشر کے دِن کی
وہ یُوں کہ مرا قریۂ جاں گُونج اُٹھا ہے !

اَعصاب پہ حاوی ہے سَدا ہَیبتِ اِقراء
جبریلِ مؤدّت کو یہ دِل غارِ حِرا ہے

آیات کے جُھرمَٹ میں تِرے نام کی مسند
لفظوں کی انگوٹھی میں نگینہ سا جَڑا ہے

اِک بار تِرا نقشِ قدم چُوم لیا تھا ۔ !
سو بار فلک شُکر کے سَجدے میں جُھکا ہے

خورشید تری رَہ میں بھٹکتا ہُوا جگنو
مہتاب تِرا ریزۂ نقشِ کفِ پا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تلمیحِ شبِ قدر ترا عکسِ تبسّم
"نوروز" ترا حُسن گریبانِ قبا ہے

ہر صُبح ترے فرقِ فلک ناز کا پرتو
ہر شام ترے دوشِ مُعلّٰی کی رِدا ہے

تارے، ترے رَہوار کے قدموں کے شرارے
گردُوں ترا دریُوزہ گرِ آبلہ پا ہے!!

یا تیرے خد و خال سے خیرہ مہ و انجم
یا دُھوپ نے سایہ ترا خُود اوڑھ لیا ہے

یا رات نے پہنی ہے ملاحت تری تن پر
یا دِن ترے اندازِ صباحت پہ گیا ہے!!

یٰسین، ترے اسمِ گرامی کا ضمیمہ
ہے نُون تری مدح، قلم تیری ثناء ہے

واللّیل ترے سایۂ گیسُو کا تراشہ
"وَالعصر" تری نیم نگاہی کی اَدا ہے

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فاقوں سے خمیدہ ہے سدا قامتِ دربان
ٹھوکر میں مگر سلسلۂ ارض و سما ہے

غیروں پہ بھی اَلطاف ترے سب سے الگ تھے
اپنوں پہ نوازش کا بھی انداز جُدا ہے

دل میں ہو تری یاد تو طوفاں بھی کنارا
حاصل ہو ترا لُطف تو صرصر بھی صبا ہے

لمحوں میں سمٹ کر بھی ترا درد ہے تازہ
صدیوں میں بکھر کر بھی ترا عشق نیا ہے

دیکھوں تو ترے دَر کی غلامی میں ہے شاہی
سوچوں تو ترا شوق مجھے "ظلِّ ھُما" ہے!!

رگ رگ نے سمیٹی ہے ترے نام کی فریاد
جب جب بھی پریشاں مجھے دُنیا نے کیا ہے

خالق نے قسم کھائی ہے اُس "شہرِ اماں" کی
جس شہر کی گلیوں نے تجھے وِرد کیا ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ قوسِ قزح ہے کہ سرِ صفحۂ آفاق!
برسات کی رُت میں ترا محرابِ دُعا ہے

ہر سمت ترے لُطف و عنایات کی بارش
ہر سُو ترا دامانِ کرم پھیل گیا ہے!!

اب اور بیاں کیا ہو کسی سے تری مدحت؟
یہ کم تو نہیں ہے کہ تو محبوبِ خُدا ہے!

سُورج کو اُبھرنے نہیں دیتا ترا حُبشی
بے زر کو ابوذر تری بخشش نے کیا ہے

ہے موجِ صبا یا تری سانسوں کی مہکار؟
ہے موسمِ گُل یا تری خیراتِ قبا ہے

خورشیدِ قیامت بھی سرافراز بہت ہے
لیکن ترے قامت کی کشش اس سے سوا ہے

زم زم ترے آئینِ سخاوت کی گواہی
کوثر ترا سرنامۂ دستورِ عطا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جلتا ہُوا مہتاب ترا رَہرَوِ بے تاب
ڈھلتا ہُوا سُورج ترے خیمے کا دِیا ہے

ثقلَین کی قِسمت تری دہلیز کا صدقہ
عالَم کا مقدّر ترے ہاتھوں میں لِکھا ہے

اُترے گا کہاں تک کوئی آیات کی تہ میں
قرآں تری خاطر ابھی مصروفِ ثنا ہے!!

محشر میں پرستار ترے یُوں تو بہت تھے
صد شُکر مرا نام تجھے یاد رہا ہے

اے گنبدِ خضریٰ کے مکیں میری مَدد کر!
یا پھر یہ بتا، کون مرا تیرے سِوا ہے؟؟

بخشِش تری آنکھوں کی طرف دیکھ رہی ہے
محسنؔ ترے دربار میں چُپ چاپ کھڑا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ سرزمینِ حرم

یہ سرزمینِ حرم، شہرِ التفات و نجات
یہ کنزِ نورِ ہدایت کہ کائنات میں ہے

غلافِ خاک میں لپٹے ہیں آفتاب کئی!
طلوعِ صبح کا عالم یہاں کی رات میں ہے

ہر ایک ذرّے سے ملتا ہے کہکشاں کا سُراغ
یہاں بہشتِ بریں آدمی کی گھات میں ہے

یہ بھید حُسنِ حرم کی نشانیوں سے کھُلا
کہ ہر سرِّ کُن فیکوں دسترسِ ذات میں ہے

یہ عرشِ فکرِ نبوّت، بلند بخت "حرا"
یہ جَبْلِ* نور کہ آیاتِ بیّنات میں ہے

* میرے نزدیک اضافت کے ساتھ جَبَل کی "ب" ساکن ہو تو زیادہ فصیح لگتی ہے۔

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پیا جو ساغرِ "زم زم" تو خضر نے بھی کہا
یہ ذائقہ ہی کہاں چشمۂ حیات میں ہے؟

"بطونِ ثور" میں اُترو تو دِل پہ کھلتا ہے
وہ حرفِ راز کہ حائل تخیّلات میں ہے

فرازِ کوہ پہ "شقّ القمر" کی بات کرو
کہ یہ ادا بھی نبوّت کے معجزات میں ہے

میں یومِ حشر سے خائف ہوں کس لیے محسنؔ؟
مری نجات تو میرے نبیؐ کے ہات میں ہے

(مکّہ مکرّمہ)

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بعد از خُدا....!

(نعت)

اے شہرِ علم و عالمِ اسرارِ خشک و تر
تُو بادشاہِ دیں ہے — تُو سلطانِ بحر و بر

اِدراک و آگہی کی ضمانت ترا کرم —!
ایقان و اِعتقاد کا حاصل تری نظر

تیرے حرُوف نُطقِ الٰہی کا معجزہ!
تیری حدیث سچ سے زیادہ ہے معتبر

قرآں تری کتاب، شریعت ترا لباس
تیری زِرہ نماز ہے، روزہ تری سپر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ کہکشاں ہے تیرے محلّے کا راستہ!
تاروں کی روشنی ہے تری خاکِ رہگذر

میری نظر میں خُلد سے بڑھ کر تری گلی
رفعت میں مثلِ عرشِ بریں تیرے بام و دَر

جبریل تیرے دَر کے نگہباں کا ہم مزاج
باقی ملائکہ تیری گلیوں کے کُوزہ گر

محفوظ جس میں ہو تیرے نقشِ قدم کا عکس
کیوں آسماں کا سر نہ جُھکے ایسی خاک پر؟

کیا شئے ہے برق، تابشِ جَستِ بُراق ہے
معراج کیا ہے ــــ صرف تیری سرحدِ سفر

مَوجِ صبا کو ہے تری خُوشبو کی جُستجُو
جیسے کِسی کے دَر کی بھکارن ہو دَر بدَر

قامت ترا ہے روزِ قیامت کا آسرا
خورشیدِ حشر، ایک نگیں تیرے تاج پر

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہر رات تیرے گیسوئے عنبر فشاں کی یاد
تیرے لبوں کی آئینہ بردار ہے سحر!

آیات تیرے حُسنِ خد و خال کی مثال
واللّیل تیری زُلف ہے رُخسار والقمر

وَالعَصر زاویہ ہے تیری چشمِ ناز کا
والشّمس تیری گرمئ انفاس کا شرر
یٰسٓ تیرے نام پہ اِلہام کا غلاف
طٰہٰ ترا لقب ہے، شفاعت ترا ہُنر

کہسار پاش پاش ہیں اَبرو کی ضرب سے
دو لخت چاند ہے ترے ناخن کی نوک پر

دریا ترے کرم کی طلب میں ہیں جاں بہ لب
صحرا ترے خرام کی خاطر کماں بہ سر!

تیرا مزاج بخششِ پیہم کی سلسبیل
تیری عطا خزانۂ رحمت ہے سر بہ سر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تیرے فقیر اَب بھی سلاطینِ کج کُلاہ
تیرے غلام اَب بھی زمانے کے چارہ گر

یہ بھی نہیں کہ میرا مَرض لا علاج ہو۔!
یہ بھی نہیں کہ تجھ کو نہیں ہے مِری خبر۔!!

ہاں پھر سے ایک جنبشِ اَبرُو کی بھیک دے
ہاں پھر سے اِک نگاہِ کرم میرے حال پر

سایہ عطا ہو گنبدِ خضریٰ کا ایک بار
جُھلسا نہ دے غموں کی کڑی دُھوپ کا سفر

تیرے سوا کوئی بھی نہیں ہے جہاں پناہ!
ہو جس کا نام باعثِ تسکینِ جگر

مُحسنؔ، کہ تیری راہگزر کا فقیر ہے!
اُس پر کرم ــــ دیارِ نبوّت کے تاجور

دے رزقِ نُطق مُجھکو بنامِ علیؑ ولی
یا بہرِ فاطمہؑ وہ تِرا پارۂ جگر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حسنینؑ کے طفیل عطا کر مجھے بہشت
میری دُعا کے رُخ پہ چھڑک شبنمِ اثر

تیرے سوا دُعا کے لیے کس کا نام لُوں ؟
"بعد از خدا بزرگ توئی قصّہ مختصر"

---

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہدیۂ نعت

کبھی جو اس میں رسولؐ کا نقشِ پا مِلا ہے
ہمارے دِل کو مقامِ غارِ حرا۔ مِلا ہے!

دُعا بھی تیری، قبولیت کو رضا بھی تیری
یہ کم نہیں ہے کہ مجُھ کو دستِ دُعا مِلا ہے

عجیب سَر ہے کہ عرش تک سرفراز ٹھہرا
عجیب دَر ہے کہ اِس پہ آکر خُدا مِلا ہے

تمام جگنو زکوٰۃ تیرے گداگروں کی!
بھٹکنے والی ہَوا کو کیا کیا "دِیا" مِلا ہے

میں تیری مدحت کو کس بلندی پہ حرف سوچوں؟
تُو انبیاء کے ہجُوم میں بھی جُدا مِلا ہے۔!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مِلا ہے دِل کو وہ حوصلہ تجھ سے لَو لگا کر
کہ جیسے مُوسیٰ کو معجزے میں عَصا مِلا ہے

نہ پُوچھ تجھ پر سَلام کہنے میں کیا کشش تھی
کہیں خُدائی، کہیں خُدا ہمنوا مِلا ہے

مَیں تیرے دامن کا سایہ اوڑھے جو شب کو نکلا
تو روشنی سے اَٹا ہُوا راستہ مِلا ہے!

یہ بے پَر و بال حرف ہیں شرمسار تجھ سے
تو فکر کی دسترس سے بھی ماوَرا مِلا ہے

میں جب بھی اپنی حدوں سے نکلا کہ تجھ کو پاؤں
مُحیطِ فکر و خیال اِک دائرہ مِلا ہے!!

وہ دائرہ جس میں نارسائی کی کرچیاں تھیں!
سِمٹ کے جس میں ہر اِک نَفَس بے صدا مِلا ہے

تری جُدائی کے زخم ہیں یا گُلاب گجرے
کہ ہجر تیرا مثالِ موجِ صَبا مِلا ہے!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دلِ شکستہ سے عرش تک ہے تری رسائی
کہاں سے چل کر کہاں ترا سلسلہ ملا ہے

اُسے تو محشر کی دُھوپ بھی چاندنی کا "چولا"
وہ دِل جسے تیرے شوق کا آسرا ملا ہے

عطا ہو بخشش وگرنہ دُنیا یہ پُوچھتی ہے
کہ بول پیاسے، تجھے سمندر سے کیا ملا ہے؟

مری نگاہوں میں منصب و تاج و تخت کیا ہیں؟
کہ فقر تیرے کرم سے بے انتہا ملا ہے

یہ ناز ہے اُمّتی ہُوں مَیں اُس نبیؐ کا محسنؔ
جسے نواسہ حسینؑ سا لاڈلا ملا ہے!!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ارمغانِ نعت

یہ معجزۂ نعتِ رسُولِ مَدنی ہے
جو لفظ بھی لکھتا ہوں، عقیقِ یمنی ہے

حرفوں کی قطاریں ہیں کہ رنگوں کے جزیرے
الفاظ کی جھلمل ہے کہ گُل پیرہنی ہے!!

چہرے کی شعاعوں سے گدا گر مہ و خورشید
زُلفوں سے خجل شب کی ستارہ بدنی ہے

اِک تُو کہ ترے دوش پہ بخشش کی ردائیں
اِک میں کہ مرے ساتھ مری بے کفنی ہے

میں سایۂ طوبیٰ کی خنک رُت سے ہوں واقف
مولاؐ تری گلیوں کی مگر چھاؤں گھنی ہے!!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اَب کس سے کہوں کیا ہے ترے ہجر کا عالم؟
جو سانس بھی لیتا ہوں وہ نیزے کی اَنی ہے

جو کچھ مجھے دینا ہے زمانے سے الگ دے
وہ یوں کہ زمانے سے مری کم ہی بنی ہے!!

یہ دَرد کی دولت بھی میسّر کِسے ہوگی؟
جو اَشک ہے آنکھوں میں وہ ہیرے کی کنی ہے

حاصل ہے اُسے سایۂ دامانِ پیمبرؐ
محسنؔ سرِ محشر بھی مقدّر کا دھنی ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نعت

جب سے تُو نظر میں بس گیا ہے
دِل "غارِ حِرا" بنا ہُوا ہے

یہ تیرا کرم کہ جُھک کے سُورج
مٹّی کا مزاج پُوچھتا ہے!!

یہ تیری عطا کہ عزمِ انساں!
مہتاب کو فتح کر رہا ہے!

جب "عالمِ ہُو" محیطِ جاں ہو
تُو میری رگوں میں گُونجتا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مَنصَب ہے سبھی کا اَپنا اَپنا
لیکن تُو حبیبِ کبریا ہے

اے حرزِ حیاتِ ابنِ آدم
تُو ٹُوٹے دِلوں کا آسرا ہے

اے صاحبِ مُعجزاتِ عالَم
تُو خُود بھی خُدا کا معجزہ ہے

چہرہ ہے تِرا کہ اِک اَدا سے
کعبے میں چراغ جل رہا ہے

مَیں یُوں بھی تُجھے پُکارتا ہُوں
تُو مرکزِ رُوحِ ایلیا ہے!

ڈوبے ہُوئے دِل کی آرزوئیں
صد شُکر تُو آپ سُن رہا ہے

میں تیرا فقیرِ بے طلب ہُوں
تُو میری اَنا کا حوصلہ ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیسے ہو تمیزِ رنج و راحت؟
جو کچھ ہے، ترا دیا ہُوا ہے

لائی جو ہوا تری گلی سے
مجھ کو وہ غبار کیمیاء ہے

محسنؔ تری منقبت پہ نازاں
مولا، یہ ہُنر نہیں، عطا ہے!!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نعت

پہلے مہ و خورشید کو تسخیر کروں مَیں
پھر اسمِ محمدؐ کہیں تحریر کروں مَیں

یُوں نامِ شہِ دیں کا سرِ صحنِ گلستاں!
خُوشبُو کی ہر اک موج کو زنجیر کروں مَیں

شہ رگ میں بسا کر تری چاہت کے تقاضے
خاکسترِ احساس کو اکسیر کروں میں ۔!

معراجِ عقیدت تری دہلیز کا بوسہ!
جنّت کو ترے شہر سے تعبیر کروں مَیں

مہکے جو ترے نام کی خُوشبُو سے اَبد تک
ایسی کوئی بستی کہیں تعمیر کروں مَیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پل بھر جو میسّر ہو تری زُلف کا سایا
آرائشِ خال و خدِ تقدیر کروں مَیں

دے اِذن کہ دیکھا تھا شبِ قدر جو دِل نے
اُس خواب کو شرمندۂ تعبیر کروں مَیں۔!

یہ کوثر و تسنیم سے بھیگے ہُوئے لمحات!
اِس رُت سے مرتّب کوئی تصویر کروں مَیں

بخشی ہے مجھے اِس نے سلیمانیِ عالم،
پھر کیوں نہ ترے عشق کی تشہیر کروں مَیں

ہر سانس مجھے بخششِ پیہم کی خبر دے،
محسنؔ کبھی عقبیٰ کی جو تدبیر کروں مَیں

---

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تمام حمد ہے

تمام حمد ہے اُس خالقِ ازل کے لیے!
سکون جھیل کو دیتا ہے جو کنول کے لیے

میں اُن کے نام سے کرتا ہوں ابتدائے کلام
وہ جن کے نام فرشتوں نے بھی سنبھل کے لیے

علیؑ ولی سے مدد مانگ کر تو دیکھ کبھی
یہ کیمیا ہے سبھی مشکلوں کے حل کے لیے

میں کیوں نہ اُس کو بلا فصل بادشاہ کہوں
جدا ہوا جو نبیؐ سے نہ ایک پل کے لیے!

کفن پہ خاکِ شفا سے لکھا ہے نادِ علیؑ
یہی بہت ہے مرے نامۂ عمل کے لیے!

غمِ حسینؑ امانت ہے آج کی، محسن
یہ رزق میں نے بچایا ہوا ہے کل کے لیے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہم بھی خورشید و قمر رکھتے ہیں

نوکِ نیزہ پہ جو سر رکھتے ہیں
وہ زمانوں کی خبر رکھتے ہیں

ہم کو مت خانماں برباد سمجھ
ہم تو فردوس میں گھر رکھتے ہیں

ہو محبت جنھیں زندانوں سے
سانس لینے کا ہُنر رکھتے ہیں

بُخلِ دریا سے ہمیں کیا مطلب؟
ہم تو کوثر پہ نظر رکھتے ہیں

زور پر شامِ غریباں ہے تو کیا
ہم ابھی دیدۂ تر رکھتے ہیں

خاک آلود قباؤں والے
آنکھ میں لعل و گہر رکھتے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عرش والوں سے ہے نسبت ہم کو
ہم بھی جبریل کے پَر رکھتے ہیں

ہنس کے مٹّی سے بہلنے والے
سلطنت زیرِ اثر رکھتے ہیں

اپنے سینے پہ ہیں ماتم کے نشاں
ہم بھی سامانِ سفر رکھتے ہیں

زیرِ خنجر بھی حسینؑ ابن علیؑ
ہم غریبوں کی خبر رکھتے ہیں

میرے بچّوں پہ کرم ہو مولاؑ
آپ اکبرؑ سا پسر رکھتے ہیں

دیکھ یہ زخم ــ یہ آنسو محسنؔ
ہم بھی خورشید و قمر رکھتے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شمعِ شبستانِ رسالتؐ

اُمّ المعصومینؑ حضرت خدیجۃ الکبریٰ سلام اللہ علیہا

اے شمعِ شبستانِ دلِ سرورِ کونینؐ
اے روشنیٔ انجمنِ سیّدِ ثقلین!
اے مصدرِ انوارِ حریمِ رُخِ حسنینؑ!
اے مومنۂ ہستی و صدّیقۂ دارین
تاریخ میں اتنا بڑا اعزاز کہاں ہے؟
حد یہ کہ تُو خاتونِ قیامت کی بھی ماں ہے

اے قبلۂ اوّل کے لیے اَمن کی قندیل
اے مُصحفِ ناطق کے ہر اک نفظ کی تاویل
اے آیۂ قرآنِ مُبیں، سُورۂ انجیل
اے دینِ پیمبرؐ کے لیے نُکتۂ تکمیل
بطحا کے شبستاں کے لیے پہلی کرن ہے
تُو سرورِ کونینؐ کے خوابوں کا چمن ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پھیلا ترے دَم سے رُخِ ہستی پہ اُجالا
ظُلمات کو اِک صُبحِ اَبد رنگ میں ڈھالا
دُنیا سے تری سوچ کا انداز نرالا
بچّوں کی طرح گود میں اِسلام کو پالا
اے شانِ خدیجہ تری توقیر بڑی ہے
مریم تری بیٹی کی کنیزوں میں کھڑی ہے
چمکا ہے کچھ ایسے مہ و اختر ترے گھر کا
جبریلِ امیں بھی ہے گدا گر ترے گھر کا
فیضانِ نظر سب پہ برابر ترے گھر کا
مقروض ہے خود دینِ پیمبر ترے گھر کا
مَیں سوچتا رہتا ہُوں کہ تُو کون ہے کیا ہے؟
بی بی ترا داماد "نصیری" کا خدا ہے
اللہ رے تری عصمت و شوکت کا یہ گلزار
حُوریں ہیں نگہباں تو پیمبر ہے نگہدار
شامل ہیں نقیبوں میں ترے طالب و طیّار
بچے ہیں کہ جنّت کے جوانوں کے ہیں سردار
تو مملکتِ دیں کے لیے آخری حد ہے
رشتے میں تو کونین کے سادات کی جد ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اِنسان ہے اِنسان شرافت کی بدَولت
زندہ ہے شرافت بھی شریعت کی بدَولت
قائم ہے شریعت بھی رسالت کی بدَولت
پھیلی ہے رسالت تری دَولت کی بدَولت

کِس درجہ اَٹل رِشتۂ ایمان ہے تیرا
توحید پہ کتنا بڑا احسان ہے تیرا

توحید کے دُنیا میں نگہبان بہت ہیں
اب دِیں کی حفاظت کے بھی سامان بہت ہیں
احسان ترے سرمایۂ عمران بہت ہیں
تُو کیا تری اَولاد کے احسان بہت ہیں

یہ کم تو نہیں جو تری بیٹی نے کیا ہے
دَم توڑتے اِسلام کو تبّسم دیا ہے

چہرے پہ وقارِ بشریّت کی تب و تاب
آنکھوں میں بدلتے ہوئے اُس دَور کا اک خواب
لہجے میں محمّد کی صداقت کے کُل آداب
دِل خواہشِ دُنیا کے کچلنے کو ہے بیتاب

ہاتھوں سے زمامِ دل و جاں چھوٹ رہی ہے
ماتھے سے شرافت کی کرن پھوٹ رہی ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قد ہے کہ اندھیروں میں دمکتا ہُوا مینار
ماتھا ہے آئینۂ سرنامۂ اسرار
یہ شرم و شرافت کی نقابیں سرِ رُخسار
پلکوں پہ حیا جان چھڑکتی ہُوئی سو بار
مُٹّھی میں رواں نبضِ دِلِ ارض و سما ہے
ہونٹوں پہ رسالت کے پنپنے کی دُعا ہے

پائندہ ترے دم سے نبوّت کا حشم ہے
تو محسنۂ زندگیِ شاہِ اُمَم ہے
محفوظ جہاں تیرا ہر اک نقشِ قدم ہے
مُجھ کو اُسی شعبِ ابی طالب کی قسم ہے
تُو شمعِ رسالت کا وہ فانوس بنی ہے
اَب تک تری چادر سرِ انساں پہ تنی ہے

سرمایۂ انفاسِ پیمبر ترا کردار
زہرا کی طبیعت سے بھی نازک تری گفتار
اربابِ جہالت کو کچلتی ہُوئی رفتار
اے دینِ مکمّل کے لیے دولتِ بیدار
اسلام کی عظمت تری مرہُون رہے گی
تا حشر نبوّت تری ممنون رہے گی

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جس دَور میں تو صاحبہ دولت و زر تھی
تیرے زر و دینار پہ دُنیا کی نظر تھی
حیرت ہے کہ اُس وقت بھی تو ابرِ گُہر تھی
تجھ کو کسی اُجڑے ہُوئے گھر کی بھی خبر تھی

یہ کام تو مشکل تھا مگر کر کے دِکھایا
اک دُرِّ یتیمی کو سرِ تاج سجایا

ہاں قصرِ نبوّت میں چراغاں کیا تُو نے
اِیمان کو اک صُبحِ درخشاں کیا تُو نے
اِسلام کے ہر درد کا درماں کیا تُو نے
جو کچھ تھا ترے گھر میں وہ قرباں کیا تُو نے

گر حُکمِ شہنشاہِ دو عالم نہ سمجھتا
مَیں تجھ کو محمدؐ سے بھی کم نہ سمجھتا

اِیماں کو مُصیبت سے بچاتی رہی تُو بھی
اِسلام کو دامن میں چُھپاتی رہی تُو بھی
باطل کے خد و خال مٹاتی رہی تُو بھی
آندھی میں چراغ اپنا جلاتی رہی تُو بھی

جب تک یہ زمانہ یُونہی پرواز کرے گا
اِسلام ترے نام پہ سَو ناز کرے گا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سُلطانۂ ایوانِ وفا بنتِ عرب تُو
دُنیا کے لیے مرکزِ عرفانِ اَدب تُو
معراج کی شب کچُھ بھی سہی محورِ شب تُو
مصحف کے معارف میں ہے آیاتِ بہ لب تُو
ہر دَور میں تُو زیبِ دہِ ختمِ رُسل ہے
زہرؑا ہے ترا جُزو تو تُو جُزو کا کُل ہے

رُتبے میں کہاں کوئی ہُوا تیرے برابر؟
کیونکر کوئی کہلائے گا اختر ترا ہمسر
حیدرؑ ترا داماد محمدؐ ترا شوہر
حسنینؑ نواسے ہیں تو زہرؑا تری دُختر
دوزخ ترے دُشمن کے لیے گرم ہوا ہے
جنّت تری نعلین اُٹھانے کا صِلا ہے

پُوچھا تری تاریخ کے ہر دَور سے ہم نے
یہ بھید بھی پایا نہ کسی اَور سے ہم نے
دیکھی نہیں مائیں کبھی اس طور سے ہم نے
دیکھے جو ترے لختِ جگر غور سے ہم نے
ہر مردِ جری عکسِ اَبِ وَجد نظر آیا
"ہر فرد ترے گھر کا محمدؐ نظر آیا"

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

گر تیری اجازت ہو تو اِک عرض ہے سرکار
بیٹی تری جھٹلائی گئی کیوں سرِ دربار؟
کیوں لاشِ حسنؑ پر ہوئی تیروں کی وہ بوچھار
زینبؑ کی ردا چھن گئی، وہ بھی سرِ بازار؟
کیوں تیرے گھرانے پہ ستم اِتنا ہوا ہے
اِتنی بڑی خدمت کا یہی اَجر مِلا ہے؟

تاراج ہوا تیری اُمیدوں کا چمن کیوں؟
پامال ہوئے ریت پہ معصوم بدن کیوں؟
شبیرؑ کی میت رہی بے گور و کفن کیوں؟
زینبؑ پسِ گردن ہوئی مجروح رسن کیوں؟
معصومۂ سکینہؑ کو کفن کیوں نہ مِلا تھا؟
کیا یہ بھی فقط تیری مشقت کا صِلا تھا؟

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دستِ کبریا ہے علیؑ!

جمالِ رُوئے نبیؐ، حُسنِ کبریا ہے علیؑ
خُدا نہیں ہے مگر مظہرِ خُدا ہے علیؑ

کچھ اِس لیے بھی تو حیدرؑ ہے شہرِ علم کا در
دِلوں کو علم کی خیرات بانٹتا ہے علیؑ

اِدھر اُدھر کا سوالی نہ بن نہ عُمر گنوا
مجھے علیؑ کی قسم، دستِ کبریا ہے علیؑ

یقین شک کے لبادے میں چھپ نہیں سکتا
کہ شافعی کے لیے ہُو بہُو خدا ہے علیؑ

صدا یہ آج بھی آتی ہے بابِ خیبر سے
خُدا کے دِیں کا مُصیبت میں آسرا ہے علیؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حرم میں بُت شکنی کا مُظاہرہ دیکھو!
کہ ابتدا ہے محمدؐ تو انتہا ہے علیؑ

خبر تھی گرم کہ معراج کا سفر ہوگا
نبیؐ سے پہلے فلک پر پہنچ گیا ہے علیؑ

خُدا کے دین، تری زندگی سلامت ہے
تری رگوں میں لہو بن کے گونجتا ہے علیؑ

ہزار سامری سانپوں میں گھر کے خوف نہ کھا
کلیمِ طور کی جُرأت ترا عصا ہے علیؑ

علیؑ کے باب میں سوچیں تو جاں نکلتی ہے
شعورِ عقلِ بشر تجھ سے ماورا ہے علیؑ

علیؑ سے معرفتِ علم کی زکوٰۃ چلی
مقامِ علم سے دُنیا میں آشنا ہے علیؑ

یہی صراطِ حقیقت، یہی سراجِ ازل
خُدا کے شہر کا آسان راستہ ہے علیؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علیؑ کے پہلے پہر کی ہے التماس نبیؐ
نبیؐ کے پچھلے پہر کی حسینؑ دعا ہے علیؑ

بکھر کے بولتے قرآن کا سراپا ہے
سمٹ کے نقطۂ تعظیمِ حرفِ با ہے علیؑ

اسی کے نام کا نعرہ ہے ارتعاشِ وجود
سکوتِ گنبدِ احساس کی صدا ہے علیؑ

علیؑ علیؑ سے منوّر گلی گلی محسنؔ
گلی گلی میں ہمیشہ مری صدا ہے علیؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

زمینِ حرم پر ___ ورُودِ علیؑ

یہ تطہیر کی رُت یہ نِکھری فضا
یہ چھائی ہوئی رحمتوں کی گھٹا

یہ کھُلتی ہُوئی اِنّما کی دُکاں !
یہ ہر سَمت "حق ہِرّ ھُو" کی اَذاں

یہ قوسِ قُزح علم و عرفان کی
یہ رعنائیاں عکسِ وجدان کی

یہ نقشے جنُوں کے نِکھرتے ہُوئے
مَلک آسماں سے اُترتے ہُوئے

یہ حُوروں کے گیسُو سنورتے ہوئے
خیالوں سے آہُو گزرتے ہوئے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ رنگوں کی بارش چمن در چمن
یہ سجتی ہوئی محفلِ فکر و فن

برستے ہوئے دُرج و لعل و گہر
چمکتی ہوئی عقل کی رہگزر

یہ سبزے پہ شبنم کی پرچھائیاں
یہ تاروں کی بے خواب انگڑائیاں

یہ موتی صدف سے نکلتے ہوئے
شررِ آبگینوں میں ڈھلتے ہوئے

یہ مستی کی بہتی ہوئی آبجو
یہ بڑھتی ہوئی شوق کی آبرو

یہ دل میں پگھلتی ہوئی ہر اُمنگ
یہ بہتے ہوئے رنگ بھی سنگ سنگ

یہ مہتاب ذرّوں میں بٹتا ہوا
یہ خورشید شیشوں میں کٹتا ہوا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نبوّت نقابیں اُلٹتی ہوئی!
ولایت کی خیرات بٹتی ہُوئی

یہ سجتا ہُوا نور کا سائباں
یہ بجتی ہوئی دِل کی شہنائیاں

یہ بچھتی ہُوئی چاندنی کی صفیں
یہ گاتی ہوئیں گُنگناتی دَفیں

یہ تنتی ہوئی "ھل اتیٰ" کی قنات
یہ گِرتے ہُوئے جہل کے سومنات

یہ بابِ حرم جگمگاتا ہُوا
یہ سارا جہاں ڈگمگاتا ہُوا

زمیں پر اُترتے ہُوئے انبیاء
لبوں پر ہے صلّے علیٰ کی صدا

وہ آدم چلا دَم سنبھالے ہوئے
محبّت، مودّت میں ڈھالے ہوئے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وہ یعقوب محفل میں آنے لگا
خِضر اس کو رستہ دکھانے لگا

براہیم ہوتا ہے مَسند نشیں
بڑھا یوسُفِ کہکشاں آستیں

یہ مُوسےٰ وہ عیسےٰ ہوئے ہم قدم
سنبھالے ہُوئے زندگی کا عَلَم

سنبھلنا سنبھلنا یہ کون آگیا
خموشی کا کیسا فسوں چھا گیا؟

یہ آرائشِ محفلِ طین ہے
یہ وحدت کے لہجے میں لیٰسین ہے

یہ بدر الدجیٰ ہے یہ شمس الضحیٰ
یہ مفہومِ واللیل و رازِ کساء!

یہ خلق و اُخوّت کا مینار ہے
یہ انسانیت کا علمدار ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ تخلیقِ کونین کا راز ہے
بشر ہے مگر نُور کا ناز ہے

یہ دیکھے تو بن خُود سے بسنے لگیں
یہ بولے تو موتی برسنے لگیں

اِسی سے رَواں فِکر کی ہر نَدی
یہ ہے باعثِ رحمتِ ایزدی

جو بھُولے سے پڑ جائے اِس کی نِگاہ
تو کنکر بھی پڑھنے لگیں لا اِلٰہ!

یہ سُلطان ہے رُوحِ کونَین کا
یہ ہے منتہا حُسنِ حَسنینؑ کا

یہی ہے وقارِ فروع و اُصول
کہ بیٹی ہے اِس کی جنابِ بتولؑ

یہ پلکیں اُٹھائے اگر بر زمیں
تو مہتاب ہو جائے ٹکڑے وہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جو اِس کے لیے بے اَدب ہو گیا
تو سمجھو کہ وہ بُولہب ہو گیا

مُسرّت سے جُھوم اے مِری زندگی
کہ نبیوں کی محفل مکمّل ہوئی

اِدھر آ ولایت کی محفل سجے!
کہ "حق یا علیؑ" کی بھی نوبت بجے

سجا ساقیا اپنی محفل ذرا
اُٹھا جام اوّل بنامِ خدُا

ہر اِک سَمت کیسی جھڑی چھا گئی؟
کہ تیرہ(۱۳) رجب کی گھڑی آ گئی

سجا محفلِ جشنِ حُسنِ رجب
کہ دُلہن بنی سرزمینِ عرب

صراحی میں آبِ بقا گھول دے
ہر اِک سُو نشے کی دُکاں کھول دے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بتاؤں تجھے آج نسخہ نیا !
کہ بنتی ہے کیسے مئے "اِنّما !"

بنا میکدہ ایک ایمان کا !
ترازو ہو پھر اُس میں وجدان کا

سجا اس ترازو میں توحید کو
بڑھے خود بخود عدل تائید کو

نبوّت کا جوہر ملے جس قدر
مِلا پھر امامت کے بارہ گُہر

فقط تیس تولے ہوں قرآن کے
صَدف اُس میں ہوں آلِ عمران کے

فرشتوں سے آنکھیں مِلا ساقیا
ذرا سی ہو خاکِ شِفا ساقیا

عمل سے جواہر کو پھر نرم کر
عقیدے کی لَو پر اِسے گرم کر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

طبیعت نئی رُت میں کیوں کھوگئی
یہ مَے دیکھ تیّار بھی ہوگئی!

یہ مَے ہے نجاتِ بشر کا سبب
"شراباً طہُورا" ہے اِس کا لقب

مگر ہر کسی پر برستی نہیں!
یہ مَے اِس قدر بھی تو سستی نہیں

یہ مَے خوابِ آدم کی تعبیر ہے
یہ مَے آیۂ کُن کی تفسیر ہے

پلا ساقیا، کچھ تو آگے بڑھوں
قصیدہ شہِ اَوصیاء کا پڑھوں

پلا اَب بِلا رشک و بغض و حَسد
رَواں سُوئے کعبہ ہے بِنتِ اسدؑ

زباں پر ہے تسبیحِ رَبِّ جلیل
زمیں پر بچھاتا ہے پَر جبرئیل

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ حوریں بڑھیں دائرہ دائرہ
یہ مریمؑ یہ حوّا یہ ہیں آسیہ!

چلی جا رہی ہے کنیزِ خدا
لبوں پر مچلتی ہے بس اِک دُعا

"خدایا ترا کتنا احسان ہے
مرا لختِ دِل تیرا مہمان ہے!

عجب لُطف سانسوں کی خُوشبو میں ہے
اِمامت کی ضَو میرے پہلو میں ہے

خداوندا پورا یہ ارمان کر
میری مشکلیں تُو ہی آسان کر"

اِدھر قُفلِ بابِ حرم بند ہے
رُخِ رُوحِ نوح و قلم بند ہے

کوئی ہمسفر ہے نہ غمخوار ہے
سُکوتِ سماوات بیدار ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہُوئی لب کُشا پھر وہ بنتِ اَسد
کہ اے لَم یزل ، لَم یَلد' بے ولَد

مقدّر مجھے آزمانے کو ہے !
کہ مہمان تشریف لانے کو ہے !!

مصیبت میں آسانیاں گھول دے
حَرم میں کوئی دَر نیا کھول دے

صدا آئی گھبرا نہ اے فاطمہؑ
کہ رنج و الم کا ہوا خاتمہ

یہ مشکل میں کیا تجھ کو احساس ہے؟
کہ مشکل کُشا تو تیرے پاس ہے

مشیّت جو اعجاز پر تُل گئی
چٹخ کر جدارِ حرم کھُل گئی

جہاں کو مَسرّت کا پیغام دُوں
اَب اِن ساعتوں کو مَیں کیا نام دُوں؟

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

چٹک کر کھلی ___ آرزو کی کلی!
زمینِ حرم پر ___ وُرودِ علیؑ!!

علیؑ آسمانوں کا سُلطان ہے
علیؑ اصل میں کُلِّ ایمان ہے!!

علیؑ انبیاءؑ کا نگہدار ہے
علیؑ دیں کا رہبر ہے سالار ہے

علیؑ کشتیٔ نوحؑ کا بادباں
علیؑ سُورجوں سے بھری کہکشاں

علیؑ آشنائے رُموزِ یقیں
علیؑ لنگرِ آسمان و زمیں

علیؑ مظہرِ تابشِ طُور ہے!
علیؑ گرمیٔ موجۂ نُور ہے

وہ جُود و سخا میں ہے مشہور بھی
علیؑ بادشہ بھی ہے مزدُور بھی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علیؑ شاملِ بزمِ زیرِ کِساء
علیؑ ہے زمانے کا مشکل کُشا

علیؑ ماہتابِ جبینِ بشر
علیؑ آفتابِ جہانِ سحر

علیؑ ہر ولی کا جلی انتخاب
علیؑ ابنِ عمرانؑ علیؑ بُوتراب

علیؑ ارض پر بھی سُتونِ سماء
علیؑ قامتِ فکر کی انتہاء

علیؑ کی جو ضربت کے جوہر کھُلے
خدائی کے سجدے نچھاور ہُوئے

علیؑ سے دیارِ کرم بس گیا
علیؑ کے قدم سے حَرم بس گیا

علیؑ ربِّ عالم کا چہرہ نما
علیؑ وارثِ مسندِ ھَل اَتیٰ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

علیؑ دستِ قدرت کا شہکار ہے
علیؑ سارے عالم کا دِلدار ہے!

علیؑ پردۂ آدمیّت کا راز
علیؑ ہے عقیدے کی پہلی نماز

بشر کی سمجھ سے ہے بالا علیؑ
زمیں پر لگے عرش والا علیؑ

کبھی مشکلوں سے جو پالا پڑا
تو میں نے فقط "یا علیؑ" کہہ دیا

تھکیں، تھک کے رستے میں ہی مر گئیں
مری مُشکلیں خود کشی کر گئیں:

کرم کر، کرم اے میرے ایلیاء
مدد کر بحقِّ نبی مصطفےٰؐ

مرے دِل میں اپنی وِلا گھول دے
مری مشکلوں کی گِرہ کھول دے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

زرِ نُطقِ ایماں اثر بخش دے
مجھے بولنے کا ہُنر بخش دے

عجائب کا مظہر ہے تُو یا علیؑ
بچانا مری آبرُو یا علیؑ

یہ ہے اجرِ تشنہ لبی کی دلیل
تُو ہے ساقئِ کوثر و سلسبیل

سرِ حشر بخشش کا حیلہ ہے تُو
مری عاقبت کا وسیلہ ہے تُو

مَیں تیری شفاعت کا حقدار ہُوں
تُو معصُوم ہے مَیں گنہگار ہُوں

ہر اِک سانس ہے مشکلوں کی لڑی
مدد میرے مُولاؑ ___ بحقِ نبیؐ

مری ہر مُصیبت کا ہو خاتمہ
بنامِ حجابِ رُخِ فاطمہؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

مہکتا رہے خواہشوں کا چمن
بحقِ مقامِ امامِ حسنؑ

عطا کر مرے دیدہ و دِل کو چین
بدستِ سخاوت بنامِ حسینؑ

علیؑ بادشاہ اِک نظر اِس طرف
ترا منتظر ہے فقیرِ نجف

زر و بخت و سُلطانی و نام دے!
مجھے اِس قصیدے کا انعام دے!!

---

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایوانِ فاطمہؑ

کتنی بلندیوں پہ ہے ایوانِ فاطمہؑ
رُوح الامین ہے صُورتِ دربانِ فاطمہؑ

حاصل کہاں دماغ کو عرفانِ فاطمہؑ؟
خُلدِ بریں ہے نقشۂ امکانِ فاطمہؑ

کیا سوچیے بہارِ گُلستانِ فاطمہؑ
حسنینؑ جب ہوں سُنبل و ریحانِ فاطمہؑ!

کچھ اس لیے بھی مجھ کو تلاوت کا شوق ہے
قرآں ہے لفظ لفظ ثنا خوانِ فاطمہؑ

نبیوں پہ حکم ہے کہ نگہ رُو برُو رہے
توحید حشر میں ہے نگہبانِ فاطمہؑ

اِس کو مٹا سکیں گی نہ باطل کی سازشیں
اسلام پر ہے سایۂ دامانِ فاطمہؑ

کرتے پھریں زمیں پہ تجارت بہشت کی
اپنے گداگروں پہ ہے فیضانِ فاطمہؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہر نقشِ پا میں جذب ہے فتحِ مُبین کی مُہر
دیکھئے "مباہلہ" میں کوئی شانِ فاطمہؑ

ختمِ رُسل کی گود ہے عصمت کی جانماز
چہرہ علیؑ ولی کا ہے قرآنِ فاطمہؑ

مفہومِ "ماتشآءُ" کی قسم کائنات میں
فرمانِ کردگار ہے فرمانِ فاطمہؑ

وہ کل بھی "پنجتن" میں صدارت مقام تھی
منصب یہی ہے آج بھی شایانِ فاطمہؑ

ہے کُفر اس کے قول پہ حاجت گواہ کی
ایمانِ کُل ہے شاہدِ ایمانِ فاطمہؑ

اس انتظار میں ہے قیامت رُکی ہوئی
شاید ابھی کچھ اور ہو فرمانِ فاطمہؑ

کیسے کروں تمیز حسنؑ اور حسینؑ میں
اِک رُوحِ فاطمہؑ ہے تو اِک جانِ فاطمہؑ

رُومالِ فرقِ حُرؑ ہے گواہی اِس اَمر کی
بخشش کی سلسبیل ہے احسانِ فاطمہؑ

اولادِ فاطمہؑ نہ ہو دیں پر نثار کیوں؟
نقصانِ دیں ہے اصل میں نقصانِ فاطمہؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بابِ بتولؑ ہو کہ درِ خیمۂ حسینؑ
ہر دَور میں لُٹا سر و سامانِ فاطمہؑ

میں سوچتا ہوں لکھ دُوں وفا کے نصاب میں
فِضّہؑ کا نام شمعِ شبستانِ فاطمہؑ

اک مرثیہ ہے خُونِ شہیداں کی بُوند بُوند
بکھرا ہُوا ہے ریت پہ دیوانِ فاطمہؑ

نیزے کی نوک پر ہے مجھے رحل کا گماں
اُس پر سرِ حسینؑ ہے قرآنِ فاطمہؑ

دیکھ اے مزاجِ مصحفِ ناطق کی برہمی
شعلوں کی زد میں سُورۂ رحمٰنِ فاطمہؑ

فوجِ ستم کے سامنے کب ہے علیؑ کا لال؟
شک کے مقابلے میں ہے ایقانِ فاطمہؑ

بابِ بہشت پر مجھے روکے گا کیوں کوئی؟
مُحسنؔ میں ہوں غلامِ غلامانِ فاطمہؑ!!

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تسلیم کہ دُنیا میں .... !

jabir.abbas@yahoo.com

تسلیم کہ دُنیا میں گُنہگار بھی ہم ہیں!
لیکن تری بخشش کے پرستار بھی ہم ہیں

اِک شامِ غریباں کو منوّر کیا ہم نے
اِک صبحِ فلک ناز کے آثار بھی ہم ہیں

ہم پیاس کے صحرا بھی سجاتے ہیں لبوں پر
آنکھوں میں لیے بارشِ انوار بھی ہم ہیں

اے گردِ رہِ شوق ہمیں ڈھانپ کے اُڑنا
اے نوکِ سِناں قافلہ سالار بھی ہم ہیں

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اِس واسطے جنّت کی فضا حق ہے ہمارا
شبیرؑ، ترے غم میں عزادار بھی ہم ہیں

اے صبر تیرے واسطے ہم دولتِ بیدار
اے ظلم تری راہ میں دیوار بھی ہم ہیں

محسنؔ ہمیں اُلجھے ہیں سدا اُس کے عدو سے!
زہراؑ کی شفاعت کے طلب گار بھی ہم ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے محیطِ حیات، حُسنِ حسنؑ !!

(قصیدہ سرکارِ امن حضرت امام حسن علیہ السّلام)

سج گئی محفلِ دیارِ سُخن
پھر مہکنے لگا وفا کا چمن

موج در موج پھر ہوئی آغاز
گرم رفتاریٔ غزالِ خُتن!

پھر خزاں کے خلاف صف بستہ
سر اُٹھانے لگے ہیں سرو و سمن

بڑھ گئی پھر تپش خیابوں کی
تپ گیا پھر حواس کا کُندن

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اَلاَماں شُعلگی تصوّر کی !
جل نہ جائے حیات کا دامن

پھر تخیّل نے لی ہے انگڑائی
جاگ اُٹھا پھر حیات کا گُلشن

برگِ گُل پر نزُول شبنم کا
جیسے شیشے کو چیر جائے کرَن

لمسِ ادراک فتنۂ جاں ہیں
جیسے پھُولوں کو چھیڑتی ہے پوَن

دِل میں اُترا ہجُوم لفظوں کا!
جیسے رقصاں ہوں چاندنی میں ہرَن

رَو میں اِک نرم یاد کی آہٹ
جیسے بے خواب گھنگھرُوں کی چھنَن

گونج اُٹھے چشم و گوش کے ایواں
نکہتوں سے مہک گئے آنگن

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

شاخ در شاخ بج اُٹھے پھر سے
موتیے کے دُھلے ہوئے کنگن

پھر سے لہرا گئی ہے آنکھوں میں
وقت کی سبز ریشمی چلمن،

پھر سے دُہرا رہی ہے مست ہَوا
اَبر سے پیار، پربتوں سے وَچن

پھر ہیں طغیانیوں کی خواہش میں
دیدہ و دِل مثالِ گنگ و جمن

پھر ہے احساس فِکر کی زد میں
جیسے پتّھر پہ ضربتِ آہن!!

پھر بکھرنے لگی ہے بینائی!!
پھر اُبھرنے لگی ہے دِل میں چُبھن

پھر سے آنکھیں گلاب کرنے لگا
موسمِ برشگال کا جوبن!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پھر سے خانہ بدوش اندیشہ
دشتِ جاں میں ہوا ہے خیمہ زن

مسجدوں میں دُعاؤں کی بارات
منبروں پر درُود کے درشن

پھر صبا کُنجِ دشت سے گزری
بن کے معصوم خواہشوں کی دُلہن

آنکھ میں جُھٹپٹے کا عالم ہے !!
جیسے جنگل میں موسموں کی تھکن

لب پہ خوشبوئے رہگذارِ حجاز
سانس میں اولیائے دیں کی پھبن

سجدۂ شکر میں قلم کی جبیں !
سرحدِ مدح پہ شعورِ سخن

خامۂ فکر، شہپرِ جبریل!!
سلسبیلِ حیات چشمۂ فن!!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

انگلیاں مضطرب ہیں لکھنے کو
مدحتِ بادشاہِ صوت و سخن

دل میں شوقِ سخنوری، جیسے
سینۂ سنگ میں رواں ہو کرن

جیسے کھلنے لگا ہو بابِ قبول
جیسے ڈھلنے لگی فصل کی گھٹن

آج کی رات جس طرف دیکھو
ہے محیطِ حیات حسنِ حسنؑ

لختِ خیر البشرؐ، امامِ مبیں!!
نورِ عینِ علی، امیرِ زمن

ثمرۂ قلبِ فاطمہؑ زہراؑ
شجرۂ طیبہ، سفیرِ عدن!!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ناخدائے سفینۂ اُمّت
بابِ حاجاتِ کوہ و دشت و دمن

رُوحِ اَمن و وقارِ پیغمبرؐ
چارہ سازِ ہجُومِ رنج و محن

یُوسفِ مصرِ آرزوئے بشر
ماہِ کنعانِ دیدۂ روشن!!

مرکزِ جلوہ گاہِ فکر و شعُور!
محورِ حرف و نطق و شعر و سخن

اَولیاء کی مسرّتوں کا حصار!
انبیاء کی محبّتوں کا چمن!!

چشمۂ سلسبیلِ جُود و عطا!
موجۂ نورِ وادئ ایمن!!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آبِ تطہیر میں لبوں کی چمک
جیسے دہکے ہوئے ہوں لعلِ یمن

موسمِ اَبر ، اَبروؤں کی کماں!
عشرتِ عید ہے زکواۃِ بدن

لوحِ محفوظ ، عارضوں کی حیاء
خطِّ تقدیر ، گیسوؤں کی شکن

دینِ حق کا نصیب ہاتھوں میں
دیدۂ تر میں کہکشاں روشن

سانس خوشبوئے آیۂ تطہیر
نطق ، اسرارِ کبریا کا متن!

مرحبا اَوجِ نقشِ پائے حسنؑ
جھک کے دھرتی کو چومتا ہے گگن

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ساعتِ دید کی سخا ــــ پُروا
سایۂ زلف کی عطا ــــ "ساون"

آنکھ میں عکسِ جلوۂ وحدت
آئینے میں ہے چاند کا درپن!

حرفِ دستور خامشی کی لکیر
پرچمِ امن ــــ تارِ پیراہن

جب بھی شاہی کے غیض نے چاہا
پیکرِ دیں سے چھین لے دھڑکن

بانجھ ہو جائے سرزمینِ شعور
گُنگ ہو جائے کائناتِ سخن

برقِ عُدوان راکھ کر ڈالے
آدمیّت کے فِکر کا خرمن

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پرچمِ امن بن کے لہرایا
سایۂ دستِ مہربانِ حسنؑ

حلقۂ موجِ داستانِ کرم
بن گیا روحِ عصر کا مامن

کھل کے برسا جو امن کا بادل
ہوگئی ختم وقت کی اُلجھن

کھل گئے گیسوئے حیات کے بل
بج اُٹھی پائے فکر کی جھانجھن

اے شہنشاہِ کہکشاں گیتی
مرکزِ گردشِ زمین و زمن

اپنے نوکر پہ بارشِ اکرام!
اپنے خادم پہ بخششِ دامن!!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دُھوپ کے دشت میں عطا ہو مجھے
سایۂ سِدرۂ صریر و سخن

محسنؔ کاسہ لیس ہوں مولاؑ
مجھ کو بخشیں خیال کا مخزن

مُہر و میزانِ مملکت ہو عطا
مملکت سے مُراد ہے مرا "فن"

تُو کہ ہے "ستار العیُوب" لقب
میں برہنہ سَر و برہنہ بدن!!

درد کی دُھوپ ڈس رہی ہے مجھے
دے مجھے سایۂ عَبا کا کفن

تازہ دَم راحتیں مجھے ہوں عطا
بڑھ چلی حد سے زندگی کی تھکن

رزقِ علم و شعور دے مجھ کو
اے خدیوِ زمیں، امیرِ زمن

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یا شبستانِ خواب میں آ کر
دے مجھے اِذنِ دید و تابِ سخن

تیری بخشش ہے کیمیائے نجات
مجھ پہ برسا یہ التفات کا دھن

تیری مدحت میں حشر تک آقاؑ
میں چہکتا رہوں چمن بہ چمن

حشر میں بھی نوازنا مجھ کو
میرے مرشد، مرے امام حسنؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دوستو، صاحبِ کردار بنو!

رونقِ شاخِ سرِ دار بنو!
وقت کے میثمِ تمّار بنو!!

لشکرِ ظُلم سے لڑنے کے لیے
دستِ مظلوم کی تلوار بنو!!

صبر کے سر کو جھکانے کے لیے
صبرِ سجّاد کا معیار بنو!!

ہاتھ سے ہاتھ نہ چُھٹنے پائے
آہنی عزم کی دیوار — بنو

تم سے زنداں بھی لرز جائیں گے
جرأتِ جذبۂ مختار بنو!!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سُرخرُو حشر میں ہونا ہے اگر
دوستو، صاحبِ کردار بنو

توڑ دو بیعتِ باطل کا فسوں
حُر نظر آؤ ـــــ جگردار بنو

پھر تمنّائے ارم بھی جائز ـــ!
پہلے مولاؑ کے عزادار ـــ بنو

مَرحبِ نَو ہے مقابل محسنؔ
پیروِ حیدرِ کرّار ـــــ بنو

---

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سلام

بصد رکوعؑ و سجودؑ و قیام کہنا ہے
حسینؑ ابنِ علیؑ پر سلام کہنا ہے

زباں کو چاہیے کچھ اعتمادِ خاکِ شفا
ہمیں جبیں کو معلّیٰ مقام کہنا ہے

غمِ حسینؑ میں اِک اَشک کی ضرورت ہے
پھر اپنی آنکھ کو، کوثر کا جام کہنا ہے

یہ نام کیوں نہ کروں زندگی میں وِردِ زباں؟
مجھے لحد میں علیؑ کو اِمام کہنا ہے!!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بروزِ حشر زیارت نصیب ہو تو ہمیں
علیؑ کے لالؑ سے تھوڑا سا کام کہنا ہے

کہاں تلک نہ سُنے گا کوئی حسینؑ کا ذکر؟
یہ داستاں تو ہمیں صبح و شام کہنا ہے

یہ داغِ ماتمِ شبّیرؑ ہے جسے محسنؔ
اندھیری قبر میں ماہِ تمام کہنا ہے!

---

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صبرِ شبیرؑ کے سجدے سے ظفریاب ہُوا

قریۂ جاں میں اُبھرنے لگا پھر گریۂ شب
پھر مِلا اذنِ تکلّم پئے یک جُنبشِ لَب
پھر بڑھی تشنہ لبی حدّتِ خواہش کے سبَب
پھر دِل و دِیدہ کو ہے چشمۂ کوثر کی طلَب
آگہی غازۂ رُخسارِ سَحر مانگتی ہے
زندگی وقت سے جبریل کا پَر مانگتی ہے
آنکھ میں پھر سے دَمکنے لگے الماس و گہُر
لَوحِ افلاک پہ بُجھنے لگے تاروں کے شرر
مَوج در مَوج کھُلے پھر سے حوادِث کے بھنْور
خامۂ فِکر نے آغاز کیا عزمِ سفر
دستِ احساس سے ظُلمت کی عِناں چھُوٹ گئی
کہکشاں بن کے دھنک مثلِ کماں ٹُوٹ گئی

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پھر سرکنے لگی تاریخ کے چہرے سے نقاب
کھُل گئی ذہن میں دبکے ہوئے ماضی کی کتاب
حرف در حرف بہلنے لگے تعبیر سے خواب
گردشِ وقت نے ترتیب دیا یومِ حساب

پرچمِ عدل بصد رنگِ اَنا کھُلنے لگا
ایک اک اشک سرِ نوکِ مژہ تُلنے لگا

ظُلم کی دُھوپ نے سنولا دیئے جذبوں کے گلاب
حبس کی زد میں پگھلنے لگے بخشش کے سحاب
چھا گیا عرصۂ ہستی پہ شقاوت کا عذاب
پڑ گئی ماندمہ و مہرِ خیالات کی آب

وقت جب خیر کی تعظیم کا در بھول گیا
خود تراشیدہ صلیبوں پہ بشر جھُول گیا

شہر در شہر مچی قہرِ سلاطین کی دُھوم
صحنِ گلشن پہ مسلّط ہُوئی خود بادِ سموم
ظُلمتِ جہل کی ہیبت سے پڑے زرد عُلوم
لشکرِ جبر نے پامال کیا حُسنِ نجوم!

جبر کا شور بڑھا جب حدِ رُسوائی سے
کھُل گئی گرہِ جنوں صبر کی انگڑائی سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صبر سرمایۂ دِل، صبر مناجاتِ ضمیر
صبر خوشبو کی طرح پھول کے سینے میں اسیر
صبر صحرا سے گزرتے ہوئے بادل کا سفیر
صبر سُقراط کے ہونٹوں پہ تبسّم کی لکیر
صبر ایوانِ سلاطیں میں کہاں مِلتا ہے؟
صبر کا پھول سرِ نوکِ سناں کھلتا ہے

صبر غربت میں سدا دولتِ ثقلین اساس
صبر فرمانِ یقیں، صبر نگہدارِ قیاس!
صبر قرآن بہ لب صبر ہے تفسیر شناس!
صبر نبیوں کی قبا، صبر امامت کا لباس
صبر صدیوں کی ریاضت کا ثمر بنتا ہے
صبر بے چین دُعاؤں کا اثر بنتا ہے

صبر آدم کا مقدر کبھی ہابیل مزاج!
صبر انساں کی مشقت کو فرشتوں کا خراج
صبر اوہام کا قیدی ہے نہ پابندِ رواج
صبر مظلوم کے ماتھے پہ اٹل فتح کا تاج
ظلم جب سینۂ گیتی میں دھڑک اُٹھتا ہے
صبر شبنم کے کلیجے میں بھڑک اُٹھتا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صبرِ یعقوب کا چہرہ کبھی یُوسف کی جَبیں
صبرِ مریم کا تقدّس کبھی عیسیٰ کا یقیں
صبر کی مسندِ اعزاز سرِ عرشِ بریں
صبر ہے خاتمِ انگشتِ سُلیماں کا نگیں

صَبر کی طبعِ حَسیں جب بھی مچل جاتی ہے
شُعلگی نار کی گلزار میں ڈھل جاتی ہے

صَبر مُنہ زور ہواؤں کی ہتھیلی پہ چراغ
صبر مہتاب کے سینے میں دَمکتا ہوا داغ
صبر تشکیک کے جنگل میں تیقُّن کا سراغ
صبر کلیوں کا تکلّم کبھی خُوشبو کا دَماغ

صبر ہر جَور و ستم خُود سے بُھلا دیتا ہے
صبر دُشمن کو بھی جینے کی دُعا دیتا ہے

صَبر پیوندِ زمیں ہے کبھی افلاک شکار
صَبر زنجیر کی شورش کبھی زِنداں کا فشار
صَبر اِلہام کی منزل کبھی آیت کا وقار
صَبر حکمت کا خزانہ کبھی بخشش کا حِصار

ہاتھ میں جب بھی سخاوت کا عَلم لیتا ہے
صبر مجرم کو وِلایت کی سَند دیتا ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جذبۂ نوحؑ کبھی عزمِ براہیمؑ ہے صبر!
وحدتِ فکر کے احساس کی تنظیم ہے صبر
عظمتِ ارض و سماوات کی تجسیم ہے صبر
چشمۂ کوثر و خمخانۂ تسنیم ہے صبر
صبر کے عزمِ مسلسل سے جو ٹکراتے ہیں
مُطلق الحکم شہنشاہ بھی مِٹ جاتے ہیں

صبر کونین کے چہرے کے لیے زینت و زین
صبر معیارِ نظر، دولتِ جاں، راحتِ عین
صبر خیبر کا جری، فاتحِ صد بدر و حنین
صبر کردارِ نبیؐ، صبر علمدارِ حسینؑ
صحنِ تاریخ میں جب خاک بکھر جاتی ہے
کربلا صبر کی معراج نظر آتی ہے

کربلا سجدہ گزاروں کے تقدّس کی زمیں
کربلا حسنِ رخِ عرشِ معلّیٰ کی امیں
کربلا حق کا بدن، نقشۂ فردوسِ بریں
کربلا عدل کا دستور، مودّت کی جبیں
کربلا اب بھی وراءِ دسترسِ جبر سے ہے
کربلا روکشِ خورشید سدا صبر سے ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جب بڑھا سُوئے گریبانِ بشر ظُلم کا ہات

زلزلا نے لگا جب قصرِ شریعت کا ثبات

کھول اِس بھید کو اے غربتِ عاشور کی رات!

بول اے دینِ پیمبرؐ کی اَبد رنگ حیات

تیرے جلتے ہوئے ہونٹوں پہ کوئی نام آیا ؟

جُز حسینؑ ابنِ علیؑ کون ترے کام آیا؟؟

جُز حُسین ابنِ علیؑ کون، کہانی کِس کی ؟

آج تک ہو نہ سکی بات پُرانی کِس کی ؟

دجلۂ وقت نے اپنائی روانی کِس کی؟

مَوجِ کوثر سے مِلی تشنہ دہانی کِس کی ؟

لشکرِ ظُلم کو مٹّی میں مِلایا کِس نے ؟

سو کے مقتل میں دو عالم کو جگایا کِس نے ؟

وہ حسینؑ ابنِ علیؑ، وقت کی تہذیب کا ناز

جِس نے افشا کیا اِنسان کی توقیر کا راز

جس کا ہر زخم ہے سرمایۂ تقدیرِ حجاز

جِس نے تیروں کے مصلّے پہ اَدا کی ہے نماز

گرم جھونکوں سے جو احوالِ صَبا پُوچھتا ہے

زیرِ خنجر بھی جو خالق کی رضا پوچھتا ہے:

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

لختِ دلِ فاطمہؑ زہرا کا ___ وہ مظلوم حسینؑ
بارشِ ظلم میں تنہا مرا معصوم حسینؑ
پیاس میں قطرۂ دریا سے بھی محروم حسینؑ
غربتِ دینِ پیمبرؐ ، ترا مقسوم حسینؑ

جس نے شاداب چمن پل میں اُجڑتے دیکھا
جس نے چُپ رہ کے عزیزوں کو بچھڑتے دیکھا

بندۂ ربِّ دوعالم وہ خداوندِ اصول
ثمرۂ قلبِ پیمبرؐ ، دُرِ شہوارِ بتولؑ
نکہتِ آیۂ تطہیر ، گلستانِ رسولؐ
کہکشاں جس کے لیے دامنِ احساس کی دُھول!

زندگی جس کی محبّت سے لُبھاتی ہے مجھے
ہیبتِ موت پہ اَب تک ہنسی آتی ہے مجھے

وہ جو شبنم بھی ہے شُعلوں پہ شرربار بھی ہے
دولتِ فکر بھی ہے عظمتِ کردار بھی ہے
وجہِ تخلیق بھی ، تخلیق کا معیار بھی ہے
کاشفِ کنزِ خفی ، صاحبِ اسرار بھی ہے

وہ جو مقتل میں بھی جذبوں کی گرہ کھولتا ہے
نوکِ نیزہ پہ بھی قرآں کی طرح بولتا ہے ___!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

وہ حُسین ابنِ علیؑ، پیکرِ تحسین و جمال
لوحِ تقدیرِ دو عالم پہ وہ تحریرِ کمال
جس کا ہر قطرۂ خوں دجلۂ احساس و خیال
جس سے دیکھا نہ گیا دینِ پیمبرؐ کا زوال
نقش ہے جس کا عمل وقت کے آئینے میں
لشکرِ ظلم کا دِل ڈوب گیا سینے میں

وہ حسینؑ ابنِ علیؑ، زندہ و تابندہ حُسینؑ
تا ابد اپنے اصولوں میں وہ پائندہ حُسینؑ
اپنے زخموں کی شعاعوں سے وہ رخشندہ حُسینؑ
حق کی تجسیم وہ نبیوں کا نمایندہ حسینؑ
وہ جو میثاق کے ہر لفظ کی تجدید بھی ہے
جس کی مقروض نبوّت بھی ہے توحید بھی ہے

عظمتِ ابنؑ علیؑ، دین کے دستور سے پُوچھ
فخرِ موسیٰ کی تجلّی کا فسوں طور سے پُوچھ
رفعتِ نوکِ سناں دیدۂ منصور سے پُوچھ
صبرِ شبیرؑ کبھی سجدۂ عاشور سے پُوچھ
عصرِ عاشور کی کرنیں جو کبھی پھوٹتی ہیں
آنکھ کے ساتھ دِل و جاں کی رگیں ٹوٹتی ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ایک اِک کر کے بچھڑتے تھے جب انصارِ حسینؑ
آسرا کوئی ضعیفی کا، کوئی رُوح کا چین!
یہ جواں لاش، وہ کم سِن تو اُدھر راحتِ عین!
ہچکیاں وہ کسی بچّی کی، کسی ماں کے وہ بین
زندگی درد سے بس دیدۂ تر جیسی تھی،
عصرِ عاشور قیامت کی سحر جیسی تھی

سو گئے جب سبھی اصحابِ سرِ دشتِ بلا۔!
اکبرؑ و قاسمؑ و عبّاسؑ ہُوئے شہؑ پہ فدا
کھو گئے عونؑ و محمّدؑ، علی اصغرؑ بھی چلا،
آئے مقتل میں حسینؑ ابنِ علیؑ بہرِ وغا!
شکر کرتے ہوئے سجدہ کبھی جُھک جاتے تھے،
سُوئے خیمہ کبھی بڑھتے، کبھی رُک جاتے تھے

مقتلِ شہؑ کی زمیں خُون سے تر ہو کے رہی
زندگی اپنے ہی سینے کی سپر ہو کے رہی
نوکِ نیزہ کی بلندی تھی کہ سر ہو کے رہی
ظُلم کے اَبر چھٹے، دیں کی سحر ہو کے رہی!!
جبر کا نام و نشاں، بھُولا ہُوا خواب ہوا،
صبرِ شبیّرؑ کے سجدے سے ظفریاب ہوا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آدمِ ساداتؑ

(مدحت حضرت امام زین العابدین
علیؑ ابن الحسین علیہ السّلام)

نکھرے ہوئے کردار کا قرآن ہے سجّادؑ
انسان کی تقدیس کا سلطان ہے سجّادؑ
سرچشمۂ دیں، عظمتِ ایمان ہے سجّادؑ
اسلام کی تاریخ کا عنوان ہے سجّادؑ
یہ شہرِ فضائل ہے مصائب کا جہاں ہے
تکبیرِ نبوّت ہے امامت کی اذاں ہے
ہر دور میں احساس کی معراج ہے سجّادؑ
غیرت کا شہنشاہ ہے سرتاج ہے سجّادؑ
مظلوم کی آنکھوں میں مکیں آج ہے سجّادؑ
کب تیرے میرے ذکر کا محتاج ہے سجّادؑ؟
جب تک ہے جہاں میں حق و باطل کا فسانہ
سجّادؑ کے سجدوں کو نہ بھولے گا زمانہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جب نصب ہو دُنیا میں کبھی عدل کی میزان
جب حق کے لیے خُود سے پگھلنے لگے وجدان
جب جبر کی بارش ہو سرِ سُورۂ رحمٰن
جب ظُلم سے ٹکرائے کسی دَور کا اِنسان
ہونٹوں پہ پیمبرؐ کی دُعا لے کے چلے گا
سجّادؑ کی جرأت کا عصا لے کے چلے گا

سجّاد سخی ہے سیّد و سردار و سرافراز
سجّاد امیں ہے امن کا آقا، اجل اعزاز
سجّاد صعوبت کے مقابل سپر انداز
سجّاد کے خُطبے میں ہے جبریل کی پرواز
سجّاد سرِ دشتِ خزاں ابرِ کرم ہے
زینت ہے نمازوں کی عبادت کا بھرم ہے!

سجّادؑ کی آہٹ سے لرزتی رہی شاہی
سجّاد کی آواز ہے باطل کی تباہی!
سجّاد ہے بے تیغ رہِ حق کا سپاہی
سجّاد ہے شبّیرؑ کی عظمت کی گواہی
سجّاد کی ہیبت سے اجل ڈول رہی ہے
زنجیر کی اک ایک کڑی بول رہی ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سجّاد کی صورت ہے کہ قرآن کی سورۃ
سجّاد کی ہر سانس شریعت کی ضرورت
سجّاد سے ٹکرائی جو باطل کی کدورت
بے نام و نشاں ہو کے رہی گرد کی صورت
جب ظلم کبھی دہر کو برباد کرے گا۔!
سجّاد کو اسلام بہت یاد کرے گا

سجّاد کا چہرہ ہے کہ "والفجر" کا مفہوم
سجّاد کے گیسو ہیں شبِ دَرد کا مقسوم
سجّاد کا سینہ ہے کہ دیباچۂ معصوم
سجّاد کا ماتھا ہے کہ آئینۂ مظلوم
سجّادؑ کی پلکوں پہ یہ آنسو جو اَڑے ہیں
غیرت کی ہر اک شاخ پہ یاقوت جَڑے ہیں

سجّادؑ کی آنکھیں ہیں کہ مرجان کی دکانیں
سجّادؑ کی ہیبت سے ہوئیں گنگ زبانیں
سجّادؑ کے دشمن اِسے مانیں کہ نہ مانیں
گونجیں گی زمانے میں جہاں تک یہ اذانیں
سجّادؑ کے حِصّے میں یہ اعزاز رہے گا
سجّادؑ پہ سجدوں کو بڑا ناز رہے گا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

آوازِ سلاسل سے کئی حشر جگائے
تاریک زمینوں میں مہ و مہر اُگائے!
اشکوں کی شعاعوں سے ڈھلے شام کے سائے
چُپ رہ کے ہر اک جور کے سب نقش مٹائے!

سجّادؑ نے اسلام کی تقدیر جگا دی
قیدی تھا مگر ظُلم کی بنیاد ہلا دی

اے آدمِ سادات، نشانِ رُخِ حسنینؑ
سُلطانِ دِلِ خاک نشیناں، شہِ ثقلین
ابرو میں ہے اعجاز نما آیۂ قوسین
ملتی ہے ترے در سے ہمیں دولتِ دارین

انبوہِ الم میں بھی مُناجاتِ صمد ہے
تو ضبط کا معیار، تو ہی صبر کی حد ہے

اے قافلہ سالارِ غریباں، مرے سردار
تاریخ کا چہرہ ہے ترے خون سے گلنار
ہم مرتبۂ عرشِ معلّیٰ ترا کردار!
حق تیرا صحیفہ ہے، صداقت تیرا معیار

دُنیا ہے فدا چاند کی ادنیٰ سی جھلک پر
مولا، یہ ترے طوق کا ٹکڑا ہے فلک پر

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

ہے صُبح کا تارا کہ تِرا آخری آنسو
یہ قوسِ قزح ہے کہ تِرا سایۂ ابرو
ہے شامِ غریباں کہ تِرا نوحۂ گیسو
ہر موسمِ گُل تیرے پسینے کی ہے خوشبو

شبنم نے جو پتّوں کے کبھی چاک سیے ہیں
پھولوں نے ترے زخم بہت یاد کیے ہیں

کانٹوں کو تری آبلہ پائی نے رُلایا
صحرا کو ترے داغِ جُدائی نے رُلایا
زِنداں کو تری زخم نمائی نے رُلایا
سجّادؑ تجھے ساری خدائی نے رُلایا

تجھؑ پر تو وہ ساعت بھی قیامت کی گھڑی تھی
جب ثانیٔ زہراؑ سرِ دربار کھڑی تھی!!

مولاؑ تری عظمت کوئی بازار سے پُوچھے!
یا ظُلم کے دہکے ہوئے دربار سے پوچھے
اُمّت کے بدلتے ہوئے کردار سے پوچھے
سجّاد تری خُو کوئی اَغیار سے پُوچھے

ہر موڑ پہ نظریں تو جھکائے ہوئے گزرا
غیرت کے جنازے کو اُٹھائے ہوئے گزرا

jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

سلام

کیا خاک وہ ڈریں گے لحد کے حساب سے؟
منسوب ہیں جو خاکِ رہِ بوتراب ؑ سے

مشکل کشا ؑ ہیں پاس، فرشتو ادب کرو
مشکل میں ڈال دوں گا سوال و جواب سے

خیبر میں دیکھنا یہ ہے جبریل یا اَجل؟
لپٹا ہوا ہے کون علی ؑ کی رکاب سے

پہلے یہ ضد تھی خواب میں دیکھیں گے خُلد کو
اب ضِد یہ ہے کہ خُلد میں جاگیں گے خواب سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جیسے چُنا علیؑ کو نبیؐ نے غدیر میں!
ہر انتخاب سیکھ لو اِس انتخاب سے

جو "یا علیؑ مدد" کو گُنہ کہہ کے چڑھ گئے!!
واقف نہیں وہ میرے گناہ کے ثواب سے

اب تک شباب کا نہیں دُنیا کو اعتبار
رُوٹھے کچھ اس طرح علیؑ اکبر شباب سے

محسنؔ وِلائے آلِ نبیؐ کا صِلہ ہے خُلد!
میں نے یہی پڑھا ہے خُدا کی کِتاب سے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صادقِ آلِ محمدؐ

(مدحتِ سرکارِ امام جعفر صادق علیہ السّلام)

مرحبا، پھر کھل رہا ہے آدمیّت کا چمن!
پھر مزاجِ حق کی انگڑائی ہُوئی باطل شکن
پھر تلاطم آفریں ہے جوشِ دریائے سُخن
سج رہی ہے چودہ معصُوموں کی دلکش انجمن
پھر جوابِ انتظارِ چشمِ تر آنے کو ہے
وقت کی آغوش میں تازہ ثمر آنے کو ہے

آج کیوں طاؤس کی صُورت ہوا رقصاں پھرے؟
کس لیے جبریل بزمِ نور میں حیراں پھرے
کیوں ہجُومِ انبیاء بھی مثلِ گُل، خنداں پھرے
سوچنے دو، کیوں مسیحا، یوں تہی داماں پھرے؟
کون ایسا کیمیا گر ہے؟ نشانی چاہیے!
خضر کہتا پھر رہا ہے، زندگانی چاہیے!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

پَو پھٹی ، اُبھری شعاعِ شش جہاتِ زندگی
زندگی کے زرد چہرے پر کھلی رخشندگی !
مُدّتوں کے بعد عرفاں کو ملی تابندگی!!
دُھل گیا ، رُخسارِ حق سے گردۂ شرمندگی

دُھل گیا رُخسارِ حق ، ذہنِ عدو شل ہوگیا
چودھویں کا چاند اَب آدھا مکمّل ہوگیا !

اُمِّ فروہ کے گُلستاں میں کِھلا صد رنگ پُھول
پُھول ، جس کی موجِ خوشبو سے مُرتّب ہوں اُصول
چاندنی ہے جس کے عکسِ رائیگاں سے دُھول دُھول
جس کی نکہت کو ترستے ہیں زمانے کے رُسول -!

وہ حیاتِ جاوداں بجھتے چراغوں کے لیے !
معرفت کی روشنی ہے جو دماغوں کے لیے !

کارواں اَب عید کر ، تجھ کو نیا رہبر ملا
اے زمیں خوش ہو صداقت کا یہ پیغمبر ملا
ناز کر اے آسماں ، رشکِ مہ و اختر ملا
دیکھ شہرِ علم ، تجھ کو کیا منقش در ملا

یہ امامِ حق میرے مُشکلکُشا کی شکل ہے
اے نصیری ہُو بہُو تیرے خدا کی شکل ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حضرت باقرؑ، مبارک جانشینِ ارجمند
جس کا رُتبہ سر حدِ سدرہ سے بھی ٹھہرا بلند
یہ کرم فطرت، حیا جُو، عزم بجاں، مشکل پسند
جس کا بچپن ڈالتا ہے آسمانوں پر کمند
جب جوانی آئے گی کیا بانکپن ہو جائے گا
جَدِّ امجد کی طرح خیبر شکن ہو جائے گا

موسمِ گُل کی طرح آیا ہے جعفر پر شباب
تو قدم لینے کو اُتری ہے شعاعِ آفتاب
ریزہ ریزہ ٹوٹ کر بکھرا شبِ ظُلمت کا خواب
ہوشیار اے آمریت، آگیا پھر انقلاب
دھڑکنیں سہمی ہوئی ہیں کیوں قریب و دُور کی
ڈُوبتی جاتی ہیں نبضیں کس لیے منصور کی

یہ محمدؐ کی طرح صادق، علیؑ جیسا دلیر
اس کا رُتبہ کیا بتاؤں، خود زبر، افلاک زیر
قول میں صادق ہے منبر پر وَلی میداں میں شیر
یہ اگر چاہے تو قسمت کو سنورتے کیا ہے دیر
یہ جہاں میں جس کسی پر فیض ارزانی کرے
فقر کے عالم میں وہ عالم کی سُلطانی کرے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ قناعت کیش بھی، فرمانروائے دہر بھی
خاکسارِ مسندِ حق بھی، انا کا شہر بھی
ناخدائے کشتیٔ جاں بھی، امیرِ بحر بھی
خُلد میں اس سے رواں لطف و کرم کی نہر بھی

جس طرح جلوے سبھی اسلام سے ظاہر ہُوئے
معجزے سارے اسی کے نام سے ظاہر ہُوئے

یہ قدِ رعنا ہے یا اسلام کی پہلی اذاں
آنکھ کی گہرائیوں میں رفعتِ ہفت آسماں
یہ جبیں ہے یا غلافِ مُصحفِ کون و مکاں
خال و خد ہیں یا مُقدّس آیتوں کا اِک جہاں

گفتگو ہے یا نزولِ آیۂ تطہیر سے
یہ سراپا مصطفےٰ کے خواب کی تعبیر سے

جیم سے جزوِ جلالِ کبریا، جُہدِ جمیل
عین سے عرفانِ حق، عزمِ علیؑ، عکسِ عقیل
"ف" سے فرعِ مصطفےٰ فہم و فراست کی فصیل
"ر" سے راحت، رہنما، راسخ، رضی، رافع، رجیل

یُوں تو اس کا نام نامی نقشِ دل پر ہو گیا
سینۂ قرطاس پر بکھرا تو جعفرؑ ہو گیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

"ص" سے صائم سدا، صُورت سے مافوق البشر
یہ "اَلِف" اَلحمد کی آیات کا تصویر گر!!
"د" سے ذرّ د آشنائے دیدہ و دِل سر بہ سر
"ق" سے قائم، قسیمِ کوثر و تسنیم تر!

رُوح کے ہر زخم کا چارہ گر حاذِق کہوں
دِل یہ کہتا ہے اِسے اَب "جعفرِ صادق" کہوں

صادِقِ حق، مرکزِ انوارِ ختم المُرسلیں!
یعنی اے نصف النّہارِ آفتابِ علم و دیں!!
تیری دربانی کا خواہش مند جبریلِ اَمیں!!
لامکاں تک تیری سرحد، عرش تک تیری زمیں

آسماں کا نام تیرے نازبرداروں میں ہے!
دینِ حق اب تک ترے گھر کے نمک خواروں میں ہے

کیوں نہ ہو واجب بنی آدم پہ تیرا اِحترام
تیرے کاسہ لیس ٹھہرے ہیں بزعمِ خود امام
ثبت ہے لوحِ جبینِ وقت پر تیرا کلام
چشمۂ اِدراکِ ربّ دوجہاں تیرا پیام

ہر مفکّر تیرے افکارِ حسیں میں کھو گیا
تیرے دَم سے از سرِ نَو دِین زندہ ہو گیا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عکس
تیرا
عکس
اِس

اے کرم گستر، ستم نا آشنا، اخلاق جُو
تیرے دَم سے دینِ پیغمبر نے پائی ہے نمُو
تجھ سے باقی ہے جہانِ شش جہت کی آبرو
آخری مِصرعہ امامت کی مسدّس کا ہے تُو
آگہی تیرے کرم سے مَوجِ کوثر ہوگئی!
معرفت شبنم کا قطرہ تھی سمندر ہوگئی:

تُو نے فکرِ عصر کو یوں دولتِ عرفان دی
کور چشموں کو مہ و خورشید کی پہچان دی
سنگریزوں کو نظر بخشی دِلوں کو جان دی
آدمیّت کو متاعِ عظمتِ ایمان دی!
بجلیوں کو بھی اسیرِ گوشۂ خرمن کیا!
آگ پر شبنم چھڑک دی، دشت کو گلشن کیا

تیرے دروازے کی چوکھٹ قبلۂ اربابِ حق
صُبح کی پہلی تجلّی تیری مدحت کا وَرق
تجھ پہ نازاں آسماں ہے سُرخرو تجھ سے شفق
تیرے دَم سے شہ رگِ دیں میں جوانی کی رَمق
مضطرب ہے زندگی تیری محبّت کے لیے
سانس لیتا ہے زمانہ تیری چاہت کے لیے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عکس ہے کاظمؑ ترا، تیری رضا تیرا رضاؑ
تیرا تقویٰ ہے تقیؑ، نُطق نقیؑ تیری صدا
عسکریؑ ہیبت تری، مہدیؑ ترا کُل مُدّعا
اِس سے آگے کچُھ نہیں کچُھ بھی نہیں، ہو بھی تو کیا؟
کیا دُعا مانگوں متاعِ شمعِ عرفانی کے بعد؟
مَیں نے سب کچُھ پالیا تیری ثناخوانی کے بعد!!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

معراجِ قلم

(قصیدہ سرکارِ سلطانِ عرب والعجم امام ضامن علی رضا علیہ السلام)

یہ رنگ یہ رم جھم یہ برستی ہوئی خوشبو
کھلتے ہوئے ریشم کی طرح رات کے گیسو

دہکے ہوئے جذبوں سے مہ و سال کے پاتال
یہ گلبن یاقوت میں بکھرے ہوئے جگنو

یہ خاتمِ انگشتِ شب و روز کی جھلمل
یہ بارشِ فیروزہ و الماس لبِ جو

ہستی کے خد و خال پہ الہام کے سائے!
مستی میں یہ بجتے ہوئے الفاظ کے گھنگھرو

یہ وجد کا عالم ہے کہ دل پر نہیں کھلتا۔!
پلکوں کے غلافوں میں ستارے ہیں کہ آنسو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اِحساس کی "کُن مَن" میں اناالحق کی شُعاعیں
اَنفاس کی شورِش میں بھی آوازۂ "یاھُو"

صحرائے تخیُّل میں یہ لفظوں کی لکیریں!
یا چاندنی اوڑھے ہُوئے بَن میں رَمِ آہُو

یہ بزمِ وِلا ــ صلّے علیٰ کے یہ مُصلّے!
یہ عرش نشیں لوگ یہ فردوس کے گَھبرُو

اربابِ زمیں سجدہ گزاری میں ہیں مصروف
اَفلاک پہ مَلکُوت ہیں قُرآن بہ زانُو!

سُبُّوح کی تسبیح میں قائم کی مناجات
اَلحمد سے وَالنّاس تلک شور بہ ہر سُو!

نکہت سے نکھرتی ہُوئی مدحت کی صَبُوحی
رَگ رَگ میں اُترتا ہوا اِدراک کا جادُو

آوازۂ "سُبحانک لا علم لنا" پر
سر دُھنتے ہُوئے سایۂ طوبیٰ کے پکھیرو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کیوں دِل میں مُودّت نہ ہو ممدُوحِ خدا کی
مہتاب کی کِرنوں کو سمندر پہ ہے قابُو!

سُلطانِ خُراساں کا قصیدہ کہوں کیسے؟
الفاظ ہیں کم قیمت و کم قامت و کم رُو!

اِک وُہ کہ زبانوں کی رسائی سے ہے بالا
اِک مَیں کہ مجھے ٹھیک سے آتی نہیں "اُردو"

اے رَبِّ زباں خالقِ اقلیمِ تخیّل
اے صاحبِ قُرآں کے لیے قوّتِ بازُو

اے تُو کہ ترا نُطق ہوا نہجِ بلاغت
دے میرے تکلّم کو بھی "طرمّاح" کی خُو بُو

خود لفظ ترے اذنِ سُلونی کا ہے محتاج
الفاظ و مفاہیم کا محتاج نہیں — تُو

بہتر ہے کہ اب قافیہ تبدیل کروں میں
پھر فطرتِ الفاظ بدلنے لگی پہلو

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

دے اِذن کہ تُو صاحبِ اسرارِ قلم ہے
پھر شوقِ ثنا خوانیٔ سُلطانؑ عجم ہے!!

سُلطانِ عجم، صاحبِ دلداریٔ کونین!
مختارِ ازل، قافلہ سالارِ اُمم ہے

کہنے کو علیؑ، نام رضاؑ، کام شفاعت!
غربت میں بھی سردارِ شب و روزِ ارم ہے

پیکر ہے کہ اقصیٰ کا فلک بوس منارہ
سایہ ہے کہ اک ابر سرِ صحنِ حرم ہے

زُلفیں ہیں کہ کعبے میں شبِ قدر کی آیات
چہرہ ہے کہ دیباچۂ آئینِ کرم ہے

آنکھیں ہیں کہ ثقلین کی بخشش کی سبیلیں
ماتھا ہے کہ سرنامۂ تعظیمِ اُمم ہے!

رُخسار، معابد ہیں مہ و مہرِ وفا کے
کردار کی عظمت میں رسُولوں کا حشم ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

رفتار، قیامت کو بھی تعظیم سِکھائے
کونین کی شاہی کا فسُوں زیرِ قدم ہے

بازو ہیں کہ وَحدت کی حکومت کی حدیں ہیں
قَد ہے کہ سرِ عرشِ بریں حق کا عَلم ہے

شانے ہیں کہ اِنسان کی عظمت کے خزانے
سینہ ہے کہ اِک صفحۂ تاریخِ قدَم ہے

ہاتھوں کی لکیریں ہیں کہ کوثر کی شُعاعیں
ناخُن کی چمک رَشکِ رخِ شیشۂ جَم ہے

ملبُوس کی ہر تہہ سے دَھنک رنگ چُرائے
قدموں پہ سدا گردنِ افلاک بھی خَم ہے

ہے اَمرِ اولی الاَمر کہ تصویر ''ہو'' زندہ ''
عیسیٰ سے کہو آئے مقابل میں جو دَم ہے!

پھُولوں سے بھری رُت ہے ترا عکسِ تبسّم
برسات کا موسم بھی ترا دیدۂ نَم ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ بھید کھُلا ہے ترے دریُوزہ گروں سے
جنّت تری نَعلین کی قیمت سے بھی کم ہے

اے ضامنِ ثامن مجھے اِک بار عَطا کر
وہ حرفِ یقیں جو سرِ اِدراک رقَم ہے

لکھتا ہوں تری مَدح کہ حاصل ہو کوئی اَجر
تُو لَوح کا مفہُوم ہے معراجِ قلَم ہے

تُو میرا سخی میرا سخی ہے تو ابھی تک
کیوں منتظرِ لُطف مرا دیدۂ نَم ہے ؟

صد شُکر کہ حاصِل ہے ترے وِرد کی دولت
میں خُوش ہوں کہ یہ تیری عَطا تیرا کرم ہے

راضی ہے اگر تُو ___ تو نہیں چاہیے کچھ اور
تو خود ہی رضا ہے مجھے خالِق کی قسم ہے

جنّت تری دہلیز سے خیرات ملے گی !
وہ یوں کہ تری ذات مرے حق میں حکَم ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

فردوسِ بریں یوں تو ہے صدیوں کی مسافت
دیکھوں ترے رستے سے تو دو چار قدم ہے

عادی ہوں ازل سے میں ترے لطف و کرم کا
شاہوں کی نوازش مرے معیار سے کم ہے

دے مجھ کو سہارا کہ ترا اسمِ گرامی!
ٹوٹے ہوئے ہر دل کی دعاؤں کا بھرم ہے

پھر تیری تجلّی کو ترستی ہیں نگاہیں!
اِک اور زیارت کہ سفر سُوئے حرم ہے!!

کوتاہیِ دامن تری معروض ہے جس پر
ہر آن محبّت تیری مائل بہ کرم ہے

خوش ہوں کہ ترے نام کی نسبت سے ہوں زندہ
یہ بھی نہ میسّر ہو تو پھر سانس بھی سم ہے

تو بابِ حوائج ہے تو پھر اے مرے ضامنؑ
کیوں مجھ پہ مسلسل غمِ دنیا کا ستم ہے؟

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہاں میرے لیے ہے یہی معراجِ عبادت
حاصل مِرے سجدوں کو ترا نقشِ قدم ہے

مُحسنؔ کے لیے حکم ہے کیا اے مِرے مولاؑ؟
یہ تیرا قصیدہ ہے، یہ مَیں ہُوں، یہ قلم ہے!!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

خمارِ صدق

بہ بارگاہِ حضرتِ حُجّتہ عجل اللہ تعالیٰ

ہم ایسے سادہ دِلوں سے حجاب کیسا ہے؟
کہ ہم تو یوں بھی ہیں مٹنے کو نقشِ پا کی طرح

تُو جانتا ہے ہماری نیاز مندی کو ـــــ!
رہِ وفا کے فلک ناز آشنا کی طرح ـــ!

ہمارے دِل میں مَوّدت گلاب جیسی ہے
سنوارتا ہے عقیدہ جسے صبا کی طرح!

ہر اِک نماز میں ہم مانگتے ہیں خیر تِری!
خمارِ صِدق سے لبریز مُدّعا کی طرح!

تِری قسم تجھے شاملِ خیال کرتے ہیں
ہر ابتدا میں مگر حرفِ انتہا کی طرح

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تری جھکی ہُوئی پلکیں حرُوفِ لوح و قلم
لگے بہار کا موسِم تری قبا کی طرح

دل و زباں پہ دمکتا ہے تیرے نام کا نقش
ہوائے صُبح میں بھیگی ہُوئی دُعا کی طرح

ترے وجُود کے قائل بھی ہم ہیں سائل بھی
شبِ سیہ میں ستاروں کے ہمنوا کی طرح

نہ پُوچھ کتنے زمانوں سے تجھ کو ڈھونڈتے ہیں
کبھی چراغ کی صُورت کبھی ہوا کی طرح

عقیدتوں کے اُفق پر کبھی ظہُور تو کر!
وہ ایک پل کو سہی، خوابِ خوشنما کی طرح

وگرنہ خوف ہے آنکھیں بھٹک نہ جائیں کہیں
نصیریوں کی بھٹکتی ہُوئی صدا کی طرح!

خطا معاف، نقابِ رُخِ حسیں سے اُٹھا
خدا کے واسطے ہم سے نہ چھُپ "خدا" کی طرح

jabirabbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

طلوعِ شمسِ امامت

مدحتِ سرکارِ بقیۃ اللہ ولی العصر
حضرت قائم آلِ محمد عجل اللہ تعالیٰ

دھرتی نہا رہی ہے گلابوں کے رس میں آج
تقدیر آسماں کی ہے ذرّوں کے بس میں آج
بُغض و حسد رواں ہے دلِ خار و خس میں آج
رعنائیِ قلم ہے مری دسترس میں آج
یہ رات ہر طرح سے قیامت کی رات ہے
یعنی طلوعِ شمسِ امامت کی رات ہے

یہ رنگ یہ رُتیں یہ بہاروں کی ٹولیاں
کرنوں سے بھر گئی ہیں ستاروں کی جھولیاں
ہمجولیوں کے ساتھ یہ ثناخوں کی ہولیاں
خوشبو کی ہمسفر ہیں ملنگوں کی بولیاں
دیکھو ذرا زمیں کی دُعائیں اُڑان میں
دَم دَم علی علی کی صدا ہے جہان میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سانسوں کو روک روک کے چلتی ہُوئی حیات
جیسے غلافِ حُسن میں لپٹی ہو کائنات
ہے مثلِ سلسبیل رواں نبضِ شش جہات
رُخ سے نقابِ نور سرکتی ہُوئی یہ رات
باتیں ملائکہ میں قیام و قعود کی،
ہر سُو اُبھر رہی ہیں صدائیں درُود کی

چہرے پہ پھُول پھُول تو جذبے پہ رنگ رنگ
خوشبو کا یہ خرام خیالوں کے سنگ سنگ
شکلیں شفق شفق ہیں تو عقلیں ہیں دنگ دنگ
شاخوں کی شوخ شوخ قبائیں ہیں تنگ تنگ
اِس شب کی قدر کر کہ رگِ جبر کٹ گئی
دُنیا حیا کی بارہ دری میں سمٹ گئی

آرائشِ جمال میں مصروف بحر و بر
رُخسارِ شب پہ غازۂ دلدارئ سحر
اُلجھے ہُوئے ہیں ساعتِ اوّل سے خیر و شر
رُکتی نہیں ہے آنکھ کسی اِک مقام پر
دِل میں ہے اِک سوال کی نوبت بجی ہُوئی
ہے کس کے انتظار میں دُنیا سجی ہُوئی؟

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

ہے کون جس کی دونوں جہاں کو ہے جستجو؟
ہے کس کا نام مُہرِ نبوّت کی آبرو؟
کس کے وُجود سے ہے دو عالم میں ہاؤ ہُو؟
بہتی ہے کس کے اِذن سے سانسوں کی آبجو؟
غیبت کسے ملی ہے خدا سے قریب کی؟
خیرات کون بانٹ رہا ہے نصیب کی؟

اے زندگی قریب تو آ، تجھ سے بات ہو
تھوڑی سی شرح رمزِ دلِ کائنات ہو
تجھ پر مرے جنوں کا یُونہی التفات ہو
شاید اِسی سبب سے تجھے بھی ثبات ہو!
ریزہ سمیٹ تُو مرے عکسِ خیال کا
یہ رات ہے جواب ترے ہر سوال کا

اُتری فلک سے جھوم کے عرشِ بریں کی رات
خُلدِ بریں کی صُبح سے بہتر زمیں کی رات
دُنیا میں عکسِ جلوۂ حق آفریں کی رات
یعنی وُرودِ مہدئ دینِ مُبیں کی رات
کچھ مانگ لے کہ حق ہے کرم پر تُلا ہُوا
بابِ قبولیت ہے سحر تک کھُلا ہُوا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ رات ، انبیاء کے خروشِ دُعا کی رات
یعنی کشودِ سینۂ لوحِ وفا کی رات
ارض و سما پہ بخشش دستِ خُدا کی رات
یعنی ظہورِ تاجورِ ھَلْ اَتٰی کی رات
تقدیر کے سُکوت کی لَو بولنے لگی
یہ رات حرفِ کُن کی گرہ کھولنے لگی

بختِ بشر کی رُت ہے، سنورنے کی رات ہے
قسمت کے خدّ و خال نکھرنے کی رات ہے
زُلفِ کرم ! جہاں پہ بکھرنے کی رات ہے
اے چودھویں کے چاندؑ، اُبھرنے کی رات ہے
موجِ عمل ، نجات کا زیور لیے ہُوئے
ذرّے ہیں آفتاب کے تیور لیے ہُوئے

یہ رات جو بکھرنے لگی ہے گلی گلی !
مہکی ہُوئی ہے جس سے تصوّر کی ہر کلی
یہ مُورتی مُراد ، مہکتی یہ منچلی،
نازل ہُوا اِسی میں مرا چودھواں علیؑ
یہ رات قیمتی ہے، مقدّس سی چیز ہے
یہ رات کائنات میں سب کو عزیز ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یہ رات ہے نجاتِ بشر کی نوید بھی
یہ رات ہے بہشتِ بریں کی کلید بھی
یہ رات سعد بھی ہے، سراج سعید بھی
یہ رات، رات بھی ہے مگر "صبحِ عید" بھی

اِس رات میں رَواں ہے سمندر خیال کا
آ تذکرہ کریں ذرا نرجسؑ کے لالؑ کا!!

اے فخرِ ابنِ مریمؑ و سُلطانِ فقر خُو
تیرے کرم کا اَبر برستا ہے چار سُو
تیرے لیے ہوائیں بھٹکتی ہیں کُو بکُو
تیرے لیے ہی چاند اُترتا ہے جُو بجُو!

پانی ترے لیے ہے سدا ارتعاش میں
سُورج ہے تیرے نقشِ قدم کی تلاش میں

اے آسمانِ فکرِ بشر، وجہِ ذُوالجلال
اے منزلِ خرد کا نشاں، سرحدِ خیال
اے حُسنِ لایزال کی تزئینِ لازوال
رکھتا ہے مضطرب مجھے اکثر یہی سوال

جب تُو زمین و اہلِ زمیں کا نکھار ہے
عیسٰیؑ کو کیوں فلک پہ ترا انتظار ہے؟

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اے عکسِ خندۂ و خالِ پیمبرؐ، جمالِ حق
تیری ترنگ میں ہیں فضائیں شفق شفق
تیری عطا سے نبضِ جہاں میں سدا رمق
تیری کرن پڑے تو رُخِ آفتاب فق،
تیرے نفس کی آنچ دلِ خشک و تر میں ہے!
تیرے ہی گیسوؤں کی تجلّی سحر میں ہے!!

تُو مسکرا پڑے تو خزاں رنگ رنگ ہو
تُو چُپ رہے تو سارا جہاں مثلِ سنگ ہو
تُو بول اُٹھے تو نطقِ جہاں سازِ چنگ ہو!
ہر دل میں کیوں نہ تیری "وِلا" کی اُمنگ ہو
مَیں کیوں نہ تیرا شکر کروں بات بات میں
ہر سانس تیرے دَر سے مِلی ہے زکوٰۃ میں

تیرے حشم سے رنگِ فلک لاجورد ہے
مہتاب تیرے حُسن کے پرتو سے زرد ہے
موجِ ہوائے خلد ترے دَم سے سرد ہے
محشر کی دُھوپ کیا؟ تیرے قدموں کی گرد ہے
تیرا کرم بہشتِ بریں کا سُہاگ ہے،
تیرا غضب ہی اصل میں دوزخ کی آگ ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

تو مرکزِ جہاں بھی شہرِ جبرئیل بھی
دُنیا کا محتسب بھی ہمارا وکیل بھی
تُو عقل بھی، جنوں بھی، جمال و جمیل بھی
پردے میں ہے وجُودِ خُدا کی دلیل بھی

دُنیا ترے مزاجِ سماعت کا نام ہے
محشر ترے ظہور کی ساعت کا نام ہے!

اے باغِ عسکریؑ کے مقدّس ترین پھُول
اے کعبۂ فروعِ نظر، قبلۂ اُصول!
آ، ہم سے کر خراجِ دل و جاں کبھی وصول
تیرے بغیر ہم کو قیامت نہیں قبول!!

دُنیا نہ مال و زر نہ وزارت کے واسطے!
ہم جی رہے ہیں فقط تیری زیارت کے واسطے!!

مولا ترے حجابِ معافی کی خیر ہو!
تیرے کرم کی، تیری کہانی کی خیر ہو،
تیرے خرام تیری روانی کی خیر ہو
نرجس کے لالؑ، تیری جوانی کی خیر ہو

ممکن ہے اپنی موت نہایت قریب ہو!
اک شب تو خواب ہی میں زیارت نصیب ہو،

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اے آفتابِ مطلعِ ہستی، اُبھر کبھی
اے چہرۂ مزاجِ دو عالم نکھر کبھی
اے عکسِ حق، فلک سے اِدھر بھی اُتر کبھی
اے رونقِ نمو، لے ہماری خبر کبھی

قسمت کی سرنوشت کو ٹوکے ہوئے ہیں ہم
تیرے لیے تو موت کو روکے ہوئے ہیں ہم

اب بڑھ چلا ہے ذہن و دل وجاں میں اضطراب
پیدا ہیں شش جہات میں آثارِ انقلاب
اب ماند پڑ رہی ہے زمانے کی آب و تاب
اپنے رُخِ حسیں سے اُٹھا تو بھی اب نقاب

ہر سُو یزیدیت کی کدورت ہے ان دنوں
مولا تری شدید ضرورت ہے ان دنوں!

ہیں تیرے اختیار میں قدرت کی مرضیاں!
تیرے سوا کسی سے اُمیدیں ہیں "فرضیاں"!
"سائل" کی جانتا ہے تُو حاجات، "غرضیاں"
ہم پھر بھی اس لیے تجھے لکھتے ہیں عرضیاں!

اِن پر تُو دستخط جو کرے، اپنی "عید" ہے
کاغذ یہی بہشتِ بریں کی "رسید" ہے!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

نسلِ ستم ہے درپئے آزار، اَب تو آ
پھر سج رہے ہیں ظُلم کے دربار، اَب تو آ
پھر آگ پھر وہی در و دیوار، اَب تو آ
کعبے پہ پھر ہے ظُلم کی یلغار، اَب تو آ
دِن ڈھل رہا ہے، وقت کو تازہ اُڑان دے
آ، اے ''امامِ عصر'' حرم میں ''اذان'' دے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سلام

دیکھنا، رُتبہ ہے کتنا محترم عبّاسؑ کا
عرش تک لہراتا جائے ہے عَلَم عبّاسؑ کا

چودھویں معصومؑ کے رخشندہ چہرے کی قسم
چودھویں کا چاند ہے نقشِ قدم عبّاسؑ کا

ہوگئی محفوظ تاریخِ حُسینؑ ابنِ علیؑ
کربلا میں جب ہُوا بازو قلم عبّاسؑ کا

آسماں بہرِ زیارت جُھک کے دیکھے گا تمھیں
رُوح میں تعمیر کر لینا حرم عبّاسؑ کا

ساحلِ دریا کو فتح کر کے تشنہ لب رہا
سارے عالم کی وفا بھرتی ہے دم عبّاسؑ کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اِس لیے سینہ زنی کو "ہاتھ" اُٹھتے ہیں سدا
ماتمِ شبیرؑ میں شامل ہے غمِ عبّاسؑ کا

خود پیمبرؐ دیں گے بخشش کی سند انعام میں!
روزِ محشر جب کریں گے ذکر ہم عبّاسؑ کا

مرقدِ عبّاسؑ ہو کیونکر نہ معراجِ شعور!
آسماں والوں سے کب رُتبہ ہے کم عبّاسؑ کا؟

بس یہی کچھ ہے متاعِ عاقبت محسنؔ مجھے!
دل میں زہراؑ کی دُعا، سر پر عَلم عبّاسؑ کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

کلیمِ طُورِ وفا

(مدحتِ حضرتِ عبّاس علمدارؑ)

نوبت بجی، سجی وہ خیالوں کی انجمن
پیدا ہوئی جبینِ تخیّل پہ اک شکن
بکھری شفق میں ڈھل کے تصوّر کی ہر کرن
پہنا عروسِ وقت نے غیرت کا پیرہن
اُبھرا ہے ماہتاب جو "اُمّ البنین" کا
ملتا ہے آسماں سے مقدّر زمین کا

چُن لی خیال نے جو ازل میں علیؑ کی "عین"!
"ب" بضعتِ رسولؐ کی عصمت کا زیب و زین
"الحمد" کے الف کا سراپا دلوں کا چین
"والنّاس" کی یہ "سین" یہ نطقِ دلِ حسینؑ
ہر حرف کائنات کا عکّاس بن گیا
دیکھا جو غور کر کے تو عبّاسؑ بن گیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عبّاسؑ افتخارِ وفا ــــ تاجدارِ حرب!
لرزاں ہیں جس کے نام سے اطرافِ شرق و غرب
"ضرب المثل" بنی ہے زمانے میں جس کی ضرب
جس کو ملول کر نہ سکے حادثاتِ کرب
سو بار دستِ ظلم سے انساں کا خوں ہُوا
عبّاسؑ کا عَلَم نہ مگر سرنگوں ہُوا

اللہ رے بچپنے میں یہ عبّاسؑ کی پھبن
انگڑائیوں میں گم ہے قیامت کا بانکپن
تیور ہیں شوخ شوخ تو چہرہ چمن چمن
آنکھیں شفق شفق ہیں تو زلفیں شکن شکن
عبّاسؑ کبریا کا عجب انتخاب تھا
طفلی میں بھی علیؑ کا مکمّل شباب تھا

× حیدرؑ کے بعد مُلکِ شجاعت کا تاجور
وہ بادشاہِ صبر و تحمّل کا ہم سفر
جس نے کیا ہے لُٹ کے دلِ آدمی میں گھر
جس کے لہو میں ڈھل کے نکھرتی رہی سحر
وہ جس کی پیاس چشمۂ آبِ حیات ہے
وہ جس کا نام آج بھی وجہِ نجات ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جس کی جبیں کے بَل سے زیادہ نہ تھی فرات
جس کی ہر اک ادا پہ نچھاور ہوئی حیات
قبضے میں تیغ، تیغ کی چھاؤں میں معجزات
مٹھی میں تُند و تیز شجاعت کی کائنات
جب بھی نبیؐ کے دیں پہ کوئی حرف آ گیا
عبّاسؑ فاطمہؑ کی دُعا بن کے چھا گیا

معیار بے مثیل تو کردار لازوال
گفتار، عکسِ نطقِ امامت کا اِک کمال
رفتار میں وہ عزم کہ محشر بھی پائمال
چہرے پہ وہ جلال کہ یاد آئے ذُوالجلال
عبّاسؑ کا وقار قیامت کی چیز تھی
صبر و رضا غلام، شرافت کنیز تھی

عبّاس اَوجِ حق بھی غرورِ انام بھی
یعنی کلیمِ طُورِ وفا بھی کلام بھی
حُسنِ فروغِ صبر و نصیرِ امام بھی
بھائی بھی تھا، مشیرِ سفر بھی غلام بھی
عبّاس بندگی میں وہ آقاؑ نواز تھا
شبّیر فخر کرتے تھے، زینبؑ کو ناز تھا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

عبّاسؑ علم و فکر کی ساعت کا نام ہے
عبّاسؑ کبریا کی اطاعت کا نام ہے
عبّاسؑ کوہسارِ شجاعت کا نام ہے
عبّاسؑ روزِ حشر شفاعت کا نام ہے
کیا غم یہ کائنات اگر بے ثبات ہے؟
عبّاسؑ کا کرم ہی حقیقی حیات ہے!

عبّاسؑ عکسِ قوّتِ پندارِ حیدری!
جس کے سکوتِ صبر پہ قربان دلاوری
وہ جس کی بندگی سے ٹپکتی ہو داوری
جس کو ملے متاعِ دُعائے پیمبری!
وہ حشر کی تپش کا بھلا کیوں گلا کرے؟
عباسؑ کا عَلم جسے چھاؤں عطا کرے!

ہر سمت حادثوں کی سنانیں گڑی رہیں
نظریں فرازِ عرشِ بریں سے لڑی رہیں
پاؤں کی ٹھوکروں میں رکابیں پڑی رہیں
قبضے میں ذوالفقار کی نبضیں اڑی رہیں
عبّاسؑ کربلا میں وہ جوہر دکھا گیا
بوڑھے، بہادروں کو علیؑ یاد آگیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

حملے وہ تیغ تیغ تو بازو یہ ڈھال ڈھال
آنکھیں ہیں زخم زخم تو مجروح بال بال
اعضا ہیں چور چور تو زخمی ہے خال خال
دریا ہے سرخ سرخ تو پانی ہے لال لال
پیاسا پلٹ رہا ہے مگر سرفراز ہے
عباسؑ کبریا تو نہیں، بے نیاز ہے!!

---

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سلام

پھر آیا ہے محرّم کا مہینہ
لٹاؤ پھر سے اشکوں کا خزینہ

چمن والو علی اصغرؑ سے سیکھو
خزاں میں مُسکرانے کا قرینہ

یہ کس پیاسے نے ٹھکرایا ہے پانی؟
کہ دریا کی جبیں پر ہے پسینہ

ہوا، عبّاسؑ کا چہرہ چھُپا لے
کہ مقتل میں چلی آئی سکینہؑ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بنائے بادباں زینبؑ ردا کو
تلاطم میں ہے نبیوں کا سفینہ

نشانِ ماتمِ ابنِ علیؑ سے
مُعلّیٰ بن گیا ہے اپنا سینہ

غمِ شبیرؑ کے لُطف و کرم سے
ہر اِک آنسو ہے جنّت کا نگینہ

دمکتا ہے سدا اشکوں کی مے سے
دلِ مومن کا نازک آبگینہ

سدا ملتی رہے محسنؔ کو مولاؑ
تری دہلیز سے نانِ شبینہ

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اِس کی دھمک سے زلزلے قصرِ یزید میں
ترکیب ردِّ رنج و بلا ـــــ ماتمِ حسینؑ

پلکیں جھپک جھپک کے ثبوتِ عزا ملے
کرتی ہے آنکھ صبح و مسا ـ ماتمِ حسینؑ

مَیں سوچ ہی رہا تھا علاجِ غمِ حیات!
بے ساختہ کسی نے کہا ـ "ماتمِ حسینؑ"

پابندیاں ہزار ہوں اِس ذکر پر مگر
محسنؔ کریں گے ہم تو سدا ماتمِ حسینؑ

---

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

سلام

ماتم کرو کہ عظمتِ انسان اُداس ہے
دِن ڈھل چکا ہے، شامِ غریباں اُداس ہے

لاشِ حسینؑ دھوپ کے صحرا میں دیکھ کر
دوشِ رسولؐ، تختِ سلیماں اُداس ہے

شبیرؑ تیرے آخری سجدے کی یاد میں
بے چین ہے نماز، تو قرآں اُداس ہے

وہ کون و وشہید ہیں جن پر ستم کے بعد
خنجر کی دھار، تیر کا پیکاں اُداس ہے

یہ کس کی ہچکیوں سے شہیدوں کے ساتھ ساتھ
مقتل کے آس پاس بیاباں اُداس ہے!!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

قندیلِ شبستانِ مناجاتِ امامت
وہ ضبط کہ خود حوصلہ مندی ہیں قیامت
وہ عزمِ مسلسل کہ مصائب میں سلامت
زینب ہے شریعت کے تقدّس کی علامت

اے فاطمہؑ زہرا تیری تقدیر بھلی ہے
بیٹے جو محمدؐ ہیں تو بیٹی بھی علیؑ ہے

اُلجھے جو کبھی عدل سے جاں دادۂ منصب
یا حد سے بڑھی سازشِ کم ظرفیٔ مرحب
یہ طے ہے کہ اسلام پریشان ہوا جب جب
توحید کا پرچم لیے آگے بڑھی زینبؑ

بولی تو ستم خوف سے خود خاک بہ سر تھا
ہر لفظ میں اِک ضربِ یدُاللہ کا اثر تھا

زینبؑ کے وہ خطبات وہ آیات کا طوفان!
جذبوں کا تلاطم وہ تہہِ تابشِ ایمان!
ہر حرف کے ادراک میں کھلتا ہُوا قرآن
یک جنبشِ لب صورتِ برقِ سرِ فاران

جل بجھ گیا باطل کہ دھواں تک نہیں ملتا
اب بیعتِ فاسق کا نشاں تک نہیں ملتا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جب ظُلم کا خنجر ہُوا پیوست رگِ جاں!
جب سو گئے صحرا میں شریعت کے حُدی خواں
نیزوں پہ سجائے گئے جب صبر کے قرآں!
نازل ہوئی افلاک سے جب شامِ غریباں
آوازِ دلِ شیرِ جلی بن گئی زینبؑ !
اظہارِ شجاعت میں علیؑ بن گئی زینبؑ

عبّاسؑ کے پرچم کو بڑی دھج سے سنبھالا
لہجے کو امامت کے خم و پیچ میں ڈھالا
جلتے ہوئے خیموں سے یتیموں کو نکالا
یوں خُونِ شہیداں سے رُخِ عزم اُجالا
آئی یہ صدا آج سے تُو محورِ دیں ہے
زینبؑ تو شریعت کے لیے فتحِ مُبیں ہے

تجھ سے ہے رُخِ دیں پہ صباحت مری بی بی
تُو مصحفِ ناطِق کی وضاحت مری بی بی
تفسیرِ حیا تیری فصاحت مری بی بی
اے دہر میں محرومۂ راحت مری بی بی
اِس واسطے بگڑی ہوئی تقدیر بنی ہے
اسلام کے سر پر تری چادر جو تنی ہے

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اے تاجورِ کشورِ عصمت، دلِ اجداد،
اے جرأتِ بے باک کی تجدیدِ خداداد
انبوہِ مصائب میں بھی بے بہرۂ فریاد
ماں فخرِ جناں، باپ ہے جبریل کا استاد
دُنیا کی خواتین میں یہ عزم کہاں ہے؟
تاریخ کی نظروں میں مصائب کی توماں ہے!

اے مصحفِ ناطق کے ہر اِک لفظ کی تفسیر
ہر ظلم پہ غالب رہی آخر تری تدبیر
اللہ رے وہ حشر جگاتی ہوئی تقریر
اِک پل میں پگھلنے لگی ہر جبر کی زنجیر
زینبؑ تیری آواز سے وہ ضرب پڑی ہے
تاریخ ابھی گوش بر آواز کھڑی ہے!

آباد ہے اُمّت کا ہر اِک گھر ترا صدقہ
شاہوں سے غنی تیرے گداگر ترا صدقہ
بہنوں کے سلامت ہیں برادر ترا صدقہ
ماؤں کے سروں پر بھی ہے چادر ترا صدقہ
ہر رسمِ عزا تجھ سے زمانے میں چلی ہے
تُو شارحِ کردارِ حُسینؑ ابنِ علیؑ ہے

---

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

jabir.abbas@yahoo.com

قطعات

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

○

چھٹے گی کذب کی گردِ کہن آہستہ آہستہ!
مٹے گی فکرِ انساں کی تھکن آہستہ آہستہ
ابھی تاریخ کو بچپن کی سرحد سے گزرنے دو
کھلیں گے اس پہ اوصافِ حسنؑ آہستہ آہستہ

○

حسنؑ مولا، حوادث جب بہ اندازِ دگر آئے
تری بخشش کے ساماں آنکھ سے دل میں اتر آئے
تلاشِ رزق کی خاطر جو سوئے آسماں دیکھا
ستارے تیرے دسترخوان کے ٹکڑے نظر آئے

○

میزانِ عدل میں ہیں برابر کے دو امام
اک سرخرو چمن ہے مقدس چمن کے بعد
لوحِ جبینِ عظمتِ آدم پہ حشر تک
نامِ حسینؑ ثبت ہے لیکن حسنؑ کے بعد

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

○

عہدِ خزاں سرشت کی غارت گری نہ پُوچھ
خُوشبُو کو خود تلاشِ حدودِ چمن کی ہے:
اِس دورِ فتنہ پرور و عصرِ فساد میں!
دُنیا کو بہرِ اَمن ضرورت حَسنؑ کی ہے

○

صاحبِ فکر و نظر، حق کا وَلی کہتے ہیں
کاشفِ کنز و حبیبِ ازلی کہتے ہیں
جس کو ڈُوبا ہُوا سُورج بھی پلٹ کر دیکھے
ہم اُسے اپنے عقیدے میں علیؑ کہتے ہیں

○

حُسنِ حق، واقفِ اَسرارِ جلی یاد آیا
مرکزِ فقر، دو عالم کا ولی یاد آیا
جب کبھی "ماہِ رَجب" صحنِ حرم سے گزرا
مُسکراتے ہُوئے کعبے کو علیؑ یاد آیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

○

مزاجِ گُل شاخِ گُل پہ دیکھو، مقامِ خوشبو صبا سے پُوچھو
علیؑ کا رُتبہ گھٹانے والو، علیؑ کا رُتبہ خدا سے پُوچھو
لحد میں مُنکر نکیر پُوچھیں گے کچھ تو یہ کہہ کے ٹال دُوں گا!
سوال مشکل ہے اے فرشتو، جواب مُشکل کُشا سے پُوچھو

○

ہو ختم پر جس کا اعلانِ اَمیر المومنین ہونا
اُسے جچتا ہے سلطانِ فلک، فخرِ زمیں ہونا
بشر تو کیا فرشتے دِل ہی دِل میں کہہ اُٹھے محسن
علیؑ کو زیب دیتا ہے نبیؐ کا جانشیں ہونا

○

شجاعت کا صدف، مینارۂ الماس کہتے ہیں
غریبوں کا سہارا، بے کسوں کی آس کہتے ہیں
یزیدی سازشیں جس کے عَلم کی چھاؤں سے لرزیں
اُسے ارض و سما والے سخی عباسؑ کہتے ہیں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

○

نبضیں لرز رہی ہیں ضمیرِ حیات کی
سانسیں اُکھڑ رہی ہیں دلِ کائنات کی
عبّاس کے غضب کا اثر ہے کہ آج تک
ساحل سے دُور دُور ہیں موجیں فرات کی

○

تاجدارِ قلب و جاں، بحرِ سخا عبّاسؑ ہے
پاسدارِ فاتحِ ارض و سما عبّاسؑ ہے
کیوں نہ ہو مقبول اِس کا نام خاص و عام میں
حیدرؑ و حسنینؑ و زہراؑ کی دُعا عبّاسؑ ہے

○

اِس کے مقابلے میں ہے آندھی، ستم کی دُھوپ
اِس کے کرم کی چھاؤں کا پہرہ ہے فرش پر
کچھ اِس لیے بھی جُھک نہ سکے گا یہ حشر تک
عبّاسؑ کے عَلم کا پھریرا ہے عرش پر!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

○

انگشتری ہے دیں کی تو نگینہ حسینؑ کا
خیرات میں بھی دیکھ قرینہ حسینؑ کا
سُورج پہ سوچ، چاند ستاروں پہ غور کر
تقسیم ہو رہا ہے پسینہ حسینؑ کا

○

اے خُدا فکر کی تقسیم اَٹل ہو جاتی
دِل کو حاصل نئی معراجِ عمل ہو جاتی
وقتِ آخر تجھے سجدہ جو نہ کرتا شبیرؑ!
کربلا، خانۂ کعبہ کا بدل ہو جاتی!!

○

روزِ حساب سب کا سفر ہو گا مختلف
دوزخ میں دفن ہوں گے کئی سنگ و خشت میں
لیکن حسینؑ، ہم ترے نوکر بصد خروش
جائیں گے کربلا سے گزر کر بہشت میں

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

○

دِل میں شبیّرؑ کی چاہت کا اثر پیدا کر
بہرِ عُقبیٰ کوئی سامانِ سفر پیدا کر
تیرے اَعمال سنور جائیں گے اِک لمحے میں
شرط اِتنی ہے کبھی حُرؑ کی نظر پیدا کر

○

یہ بات صِرف ختم نہیں مُعجزات پر
بخشش بھی ڈھونڈھتی ہے شہِ مُشرقین کو
مہمان بن کے آیا تو جنّت خرید لی۔!
حُرّؑ کِتنا جانتا تھا مزاجِ حسینؑ کو!!

○

تاریخ تیرے بُخل پہ روئے گی عُمر بھر!
ہر اشک ایک طنز ہے تیرے مزاج پر
چھ ماہ کا لال، اور ابھی تک ہے تشنہ لب؟
اے موجۂ فرات، کہیں جا کے ڈُوب مَر!!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

○

دشتِ بَلا کی دُھوپ میں ٹکرا کے مَوت سے
خُود زندگی کو نبضِ بشر میں پرو دیا !
شبیرؑ، تُو نے اپنے لہُو سے بصد خروش
بَیعت کا داغ لَوحِ دو عالم سے دھو دیا

○

توحید کی چاہت ہے تو پھر کرب و بَلا چل
ورنہ یہ کلی کھل کے کھلی ہے نہ کھلے گی !
مسجد کی صفوں سے کبھی مقتل کی طرف دیکھ
توحید تو شبیرؑ کے سجدے میں ملے گی ۔!

○

کوئی تو ہے جو ظلم کے حملوں سے دُور ہے
کوئی تو ہے جو ضبطِ اَنا کا غرور ہے
اَب تک جو سر نگوں نہ ہُوا پرچمِ حسینؑ
اِس پر کسیؑ کے ہاتھ کا سایہ ضرور ہے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

○

مُصیبت کانپنے لگتی ہے اِک نعرے کی ہیبت سے
مَوَدّت کے چمن کی ہر کلی یک لخت کھِلتی ہے!
خُدا برحق سہی لیکن پریشانی کے عالم میں
علیؑ کا نام لینے سے بڑی تسکین مِلتی ہے!!

○

دریائے علم و فضل کا گوہر تو ہے علیؑ!
احساسِ کردگار کا جوہر تو ہے علیؑ
اب کیا کہوں علیؑ کی فضیلت کے باب میں
کچُھ بھی نہ ہو ___ بتُولؑ کا شوہر تو ہے علیؑ

○

فشارِ قبر کو ایسا نڈھال کر دُوں گا!
مَیں مشکلوں کی طبیعت بحال کر دُوں گا
علیؑ کے نام نے جُرأت وہ دی کہ زیرِ لحد
مَیں خود فرشتوں پہ کوئی سوال کر دُوں گا

jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

○

وہ اَب بھی ہَے ناواقفِ تہذیب و شرافت
یہ اَب بھی رَواں صُورتِ دریائے عمل ہَے!
کردارِ یزیدی کے کئی نام و نسَب ہیں!!
شبیّرؑ مگر اَب بھی اُصولوں میں اَٹل ہَے!

○

مرضی ہے تیری، فکر میں ترمیم کر نہ کر
سُلطانِ عقل و عشق کو تسلیم کر نہ کر
بچپن میں دیکھ لے ذرا دوشِ رسوّلؐ پر
پھر تو مُرے حسینؑ کی تعظیم کر نہ کر!!

○

اِس مسئلے پہ سوچنا کیسا، کہاں کی بحث؟
یہ فیصلہ ہے فِکرِ شۂ مشرقین کا
اسلام پر ہے ناز تو تاریخ پڑھ کے دیکھ!
اِسلام اصل میں ہَے تخلّص حسینؑ کا

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas
jabir.abbas@yahoo.com

Presented by: Rana Jabir Abbas

○

مولا حسینؑ تیری مؤدت سے عہد ہے
اس عہد پر ہماری انا کو غرور ہے
ہم تیرے دشمنوں کو نہ بخشیں گے حشر تک
اور حشر میں بھی اُن سے الجھنا ضرور ہے

○

قرطاسِ شفاعت کے سوا اور بھی کچھ مانگ
محشر میں مودّت کی جزا اور بھی کچھ مانگ
جنّت مجھے بخشی تو صدا غیب سے آئی!
شبیّر کے ماتم کا صلا اور بھی کچھ مانگ

○

ممکن نہیں کسی سے عداوت حسینؑ کی
سانسوں میں بٹ رہی ہے سخاوت حسینؑ کی
بازار کے ہجوم سے کہہ دو کہ چُپ رہے!!
قرآن کر رہا ہے تلاوت حسینؑ کی!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

○

سکتے میں خوابِ دیں ہے کہ تعبیر کچھ کہے
قرآن دم بخود ہے کہ تفسیر کچھ کہے -!!
نوکِ سناں سے عرش تلک خامشی تو دیکھ
خالق کو انتظار ہے، شبیرؑ کچھ کہے!!

○

یہ تشنگی ہے ضمیرِ بشر کی لوحِ نجات
کہ موجِ کوثر و تسنیم احترام کرے!
اِسی کے فیض سے باقی رہے گی حشر تلک
نماز سجدۂ شبیرؑ کو سلام کرے!!

○

دشمن شکارِ موجِ عمل ہو کے رہ گیا
سب تاج و تخت، رزقِ اجل ہو کے رہ گیا
اللہ رے اے حسینؑ تیرے صبر کا مزاج
دستِ ستم اُٹھا تھا کہ شل ہو کے رہ گیا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

○

گر دِل میں کدُورت ہے ولی ابنِ ولی کی
کانٹا ہے تو گلشن میں نہ کر بات کلی کی
دوزخ تِری منزل ہے اُسی سمت سفر کر
جنت تو ہے جاگیر حسینؑ ابنِ علیؑ کی

○

بشر کا ناز، نبوّت کا نُورِ عینؑ حسینؑ
جنابِ فاطمہ زہراؑ کے دِل کا چین حسینؑ
کبھی نماز سے پُوچھا جو رنج و غم کا علاج
کہا نماز نے بے ساختہ "حسینؑ حسینؑ"!!

○

کیا علم تمھیں سایۂ دیں اوڑھنے والو
سُوکھا ہے کہاں پیڑ، کہاں شاخ جلی ہے؟
اسلام کی تاریخ جھٹک کر کبھی دیکھو۔!
اسلام تو مقروضِ حسینؑ ابنِ علیؑ ہے۔!!

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

○

مَولائے غَوث و قُطب و قلندر ہے تُو حسینؑ
بخشش کا بے کنار سمندر ہے تو حسینؑ
اے وَجہِ ذوالجلال، فنا تجھ سے دُور ہے!
دِل میں نہیں ہے، رُوح کے اندر ہے تُو حسینؑ :

○

واجب خُدا کی ذات ہے، ممکن حسینؑ ہے!
اِنسان کی نجات کا ضامن حسینؑ ہے!!
شام و سحر کی گردشِ پیہم سے پُوچھ لو!
سُورج ہے جس کا خُمس وُہی دِن حسینؑ ہے

○

چھلنی ہے ظُلم و جَور سے جادہ حسینؑ کا!
اپنے لہُو میں تر ہے لبادہ حسینؑ کا
لیکن اصولِ دیں کو بچانے کے واسطے
باطل پہ چھا گیا ہے اِرادہ حسینؑ کا

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

○

وہ جس کی سلطنت ہو دلِ ماؤطین پر
دُکھ سہہ کے جو شکن نہ اُبھارے جبین پر
تاریخ میں حسینؑ ہے اس شخصیت کا نام
مقتل کو جو معلّیٰ بنادے زمین پر!

---

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

اِلتماسِ دُعا

اے رَبِّ جہاں پنجتنِ پاک کے خالق!
اِس قوم کا دامن غمِ شبیرؑ سے بھر دے

بچوں کو عطا کر علی اصغر کا تبسّم!
بوڑھوں کو حبیبِ ابنِ مظاہر کی نظر دے

کم سن کو ملے ولولۂ عونؑ و محمّد
ہر ایک جواں کو علی اکبر کا جگر دے

ماؤں کو سکھا ثانیٔ زہراؑ کا سلیقہ
بہنوں کو سکینہ کی دُعاؤں کا اثر دے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

یارب تجھے بیماریِ عابدؑ کی قسم ہے
بیمار کی راتوں کو شفایابِ سحر دے

مُفلس پہ زر و مال و جواہر کی ہو بارش
مقروض کا ہر قرض ادا غیب سے کر دے

پابندِ رسن زینبؑ و کلثومؑ کا صدقہ
بے جُرم اسیروں کو رہائی کی خبر دے

جو مائیں بھی روتی ہیں بیادِ علی اصغر
اُن ماؤں کی آغوش کو اولاد سے بھر دے

جو حق کے طرفدار ہوں وہ ہاتھ عطا کر
جو مجلسِ شبّیرؑ کی خاطر ہو وہ گھر دے

قسمت کو فقط خاکِ شفا بخش دے مولا
مَیں یہ نہیں کہتا کہ مجھے لعل و گُہر دے

آنکھوں کو دکھا روضۂ مظلوم کا منظر
قدموں کو نجف تک بھی کبھی اذنِ سفر دے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

جو چادرِ زینبؑ کی عزادار ہیں مولا!
محفوظ رہیں ایسی خواتین کے پردے

غم کوئی نہ دے ہم کو سوائے غمِ شبیرؑ
شبیرؑ کا غم بانٹ رہا ہے تو ادھر دے

کب تک رہوں دنیا میں یتیموں کی طرح میں؟
وارث مرا پردے میں ہے، ظاہر اُسے کر دے

منظور ہے خوابوں میں ہی آقا کی زیارت
پرواز کی خواہش ہے نہ جبریل کے "پر" دے

جس دَر کے سوالی ہیں فرشتے بھی بشر بھی
آوارۂ منزل ہوں مجھے بھی وُہی دَر دے

جو دین کے کام آئے وہ اولاد عطا کر
جو کٹ کے بھی اونچا ہی نظر آئے وہ سر دے

خیرات درِ شاہِ نجفؑ چاہیے مجھ کو
سلمان و ابوذر کی طرح کوئی ہنر دے

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

صحراؤں میں عابدؑ کی مُسافت کے صِلے میں
بھٹکے ہُوئے رَہرو کو ثمردار شجر دے

سَر پر ہو سَدا پرچمِ عباسؑ کا سایہ
محسنؔ کی دُعا ختم ہے اَب اس کو اَثر دے

---

jabir.abbas@yahoo.com

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas